زاں شمع کہ دوش سوخت در محفل عمر　　امشب کفِ خاکسترے افروختہ ام

.....

مرزا بیدلؔ نے جیسا کہ اوپر کے قطعات میں کہتے ہیں، ''صد چمن'' کو ''طوفان تغافل'' کے حوالے کیا اس وقت ''خون دل'' سے ایسے رنگ دکھائے اور داغ کہنہ کو از سر نو جلایا اور کف خاکستر کو روشن کیا۔ دوسری جگہ بھی یہی کہتے ہیں کہ سر بزانو ہوئے بغیر شوخی فکر پیدا نہیں ہو سکتی۔

در مقامے کہ بود جلوہ گہ شوخی ما　　جو ہر از موے سراست آئینہ زانو را

لیکن یہ فکر و مراقبہ ان کا ابتدائے حال نہیں انتہائے مقام تھا۔ اس سے پہلے چمن ہستی میں گل گشت بھی خوب کی۔ چنانچہ کہتے ہیں۔

نشاط اینجا، بہار اینجا، بہشت ایں جا، نگار ایں جا
تو خود گر عاقلی صرف عدم کن دور بینی ہا

اکثر تجربہ کرنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچے

کے فرصتِ عیش است دریں باغ کہ گل را
گر گردشِ رنگ است ہماں گردش سال است

اس باغ عالم میں سال، بارہ مہینے کا نہیں ہوتا۔ یہاں کی گردشِ سال تو بس گردش رنگ ہے۔ رنگ اڑا، سال ختم۔ اور اس چمن کی سماجت پیشہ ہستیوں کو دیکھ کر شرم سے پانی پانی ہوتے ہیں، جو اک ذرا دیر کی ہنسی خوشی کے لیے وقار و آبرو کو کھو دیتے ہیں۔ کہتے ہیں ؎

آبم از شرم سماجت پیشگانِ ایں چمن　　بہر یک لب خندہ نتواں آبروے سال ریخت

'یک لب خندہ' کی ترکیب کو دیکھئے اردو کی کوئی ترکیب اس اختصار کے ساتھ یہ حسن ادا پیدا نہیں کر سکتی۔ یہ تراکیب بیدلؔ کی ایجاد اور ان کی مخصوص زبان و اسلوب کے عناصر ہیں۔

بیدلؔ نے شہزادہ محمد اعظم شاہ ابن شہنشاہ عالم گیر کی مدح میں قصیدہ لکھنے سے بچنے کے لیے شہزادے کی ملازمت سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ پھر گھر بیٹھے رہے اور دنیا کے لیے گھر سے نہ نکلے۔ ۱۷۲۱ء، (۱۱۳۳ھ) میں انتقال کیا۔ دنیا سازی میں گرفتار رہتے تو شاید ''نکات'' ''چہار عنصر'' رقعات اور دیوان کے جواہر دنیا کو نہ مل سکتے۔ ان میں چہار عنصر سب سے ضخیم ہے۔ تین سو صفحات کے قریب اصحاب دل و دیں سے اپنے استفادات اور مشاہدات و حالات لکھے ہیں۔ نکات بہت مختصر ہیں صرف ۶۷ صفحے۔ روحانی، علمی و اخلاقی نکتے اور اشارے بیان کیے ہیں۔ ان دونوں کتابوں میں اس کثرت سے غزلیں، مثنویاں، نظمیں، قطعات، رباعیاں شامل ہیں کہ نثر سے کم نظم کا حصہ نہیں ہے۔ رقعات کے ۱۵۰ صفحے ہوں گے۔ بہت دلچسپ ہیں۔ اپنے زمانے کے امراء و احباب کو رقعے لکھے ہیں۔ جن سے اس دور کی تاریخ اور خود مرزا بیدلؔ کے حالات پر روشنی پڑتی ہے۔ ان میں بھی اشعار کی تعداد کافی ہے۔ دیوان غزلیات مختصر ہے۔ ۷۵ صفحے کا لیکن دوسری تالیفات کی غزلیں اور نظمیں ملا کر دیوان کی ضخامت دو چند سے زیادہ ہو سکتی ہے۔ دیوان میں سب غزلیں چھوٹی اور درمیانی بحروں کی ہیں۔ طویل بحروں کی سب غزلیں ''نکات'' میں ہیں۔ نکات اور چہار عنصر کی غزلیں نثر کے درمیان میں آتی ہیں۔ اس لیے وہاں کے موضوعات کے مناسب ہیں اور اسی لیے ان میں تصوف کا رنگ بہت گہرا ہے۔ دیوان کی غزلوں میں ہر نوع کے اشعار ہیں۔

کلیات بیدلؔ کا پہلا رسالہ نکات ہے۔ اس میں سب سے پہلے حمد و نعت کا صرف ایک ایک جملہ لکھا ہے اور دلچسپ بات یہ ہے کہ نعت کو حمد پر مقدم کیا ہے اور دلچسپ تر یہ کہ دونوں جملے ایسے اسلوب سے لکھے ہیں کہ گویا حمد و نعت نہیں لکھ رہے بلکہ پہلی سطر سے نکات بیان کر

رہے ہیں۔ لکھتے ہیں:

"۔بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔" اگر منکر نبوت نہ باخطرات جز بہ تعظیم پیش صبا۔ واگر برتجلی ایمان داری ہیچ جانب بے ادب چشم مکشا۔"

کتاب کا یہ آغاز بھی بیدلؔ کی جدت سمجھئے۔ اس فقرے کے بعد اسی کی مناسب ایک رباعی لکھی ہے۔ اس کا دوسر شعر قابل دید ہے:

چشمے کہ کشائی بتامل بکشا تا از مژہ رنگِ جلوہ پانخورد

کہیں ایسا نہ ہو کہ بے پروائی کے ساتھ آنکھ کھولنے سے رنگ جلوہ کو پلک کی ٹھوکر لگ جائے۔ یہ نازک خیالی بیدل کا حصہ تھی۔ دوسروں کے یہاں بہت کم ملے گی۔ بیدلؔ کے کلام میں بہت زیادہ ہے۔ اس کے بعد دو جملے لکھے ہیں جو اسلامی تعلیم کا خلاصہ ہیں:

".....شخصِ ظاہر را بمظہر یت مستا، تا فضول انجمنِ تحقیق نباشی۔ آسماں را بہ رفعت مفخر میند پیش تا برائے خود پستی فطرت نتراشی۔"

یعنی کسی ہستی کو خدا کا اوتار نہ مانو ورنہ اہلِ تحقیق کے نزدیک تم یاوہ گو سمجھے جاؤ گے۔ اور آسمان کو بھی اپنے سے بلند نہ سمجھو ورنہ تمہاری فطرت کے اندر پستی کا احساس پیدا ہو جائے گا اور خود اپنی نظر میں ذلیل ہو جاؤ گے۔ مومن کا ہمیشہ یہی مسلک رہا ہے اور رومیؔ سے اقبالؔ تک سب نے اسی کی تبلیغ کی ہے۔

اس فقرے کے بعد ایک رباعی لکھ کر غزل شروع کرتے ہیں۔ مطلع ملاحظہ ہو:

بخیالِ چشم کہ می زند قدح جنوں دلِ تنگ ما

کہ ہزار میکدہ می دود برکاب گردشِ رنگِ ما

دوسرا مصرعہ بیدلؔ کے سوا کون کہہ سکتا تھا۔ پہلے مصرعہ کے "قدح جنوں" کو دیکھئے اور دوسرے مصرعہ کے الفاظ اور مضمون پر غور کیجئے۔ 'قدح' اور 'جنوں' دونوں سے مصرعِ ثانی پیدا کیا ہے کہتے ہیں۔ ایسا قدح جنوں پیا ہے کہ ہزاروں میکدے ہماری گردشِ رنگ کے ساتھ ساتھ دوڑ رہے ہیں۔ یہ کسی کی چشم مست کا تصور ہے۔

نکات ہی میں بیدلؔ کی وہ غزل ہے جس کا مشہور مطلع ہے۔

ستم ست گر ہوست کشد کہ بسیرِ سرو سمن در آ

تو ز غنچہ کم نہ دمیدۂ درِ دلِ کشا بچمن در آ

اس غزل میں مطلع سے بہتر شعر نہیں ہے۔ لیکن بعض اور شعر بھی دلچسپ ہیں۔ مثلاً اس نازک خیالی کو دیکھئے:

چو ہوا ز ہستیٔ مبہمے بتا ملے زدہ ام خمے

گرہِ حقیقت شبنمے بشگاف و در دل من در آ

شبنم کی حقیقت کو دیکھئے، مصرع اول میں کس طرح بیان کی ہے۔ چو ہوا..... زہستی مبہمے ..... بتا ملے ..... زدہ ام خمے ..... کوئی لفظ بے کار نہیں۔ لیکن غور طلب بات یہ ہے کہ شبنم کو یہ کہنا کہ ''ہوا نے ہستیِ مبہم میں ایک خم پیدا کر دیا ہے یا گرہ لگا دی ہے۔'' عام بات تھی، ہر شخص کہہ سکتا تھا لیکن ''بتا ملے'' کی نزاکت دوسرے سے پیدا ہونی مشکل تھی۔ ''تامل'' کی ہیئت ظاہری سے زیادہ کیفیت باطنی میں جو خم اور گرہ کی صورت ہے اس کو شبنم کے اندر تصور کرنا بیدلؔ کا ہی کام ہے۔

اصل میں مصرعہ اول میں بیدلؔ خود اپنا حال بیان کر رہے ہیں لیکن اپنی ہستی مبہم کے خم تامل کو شبنم سے تشبیہ دیتے ہیں اور اس کے ایک ایک لفظ کو شبنم پر صادق کر دیتے ہیں۔

نکات میں بیدلؔ نے بڑے دقیق نکتے لکھے ہیں جن میں طریقت و حقیقت کی باریکیاں حل کی ہیں۔ ایک مثال دیکھئے۔ ہر جملے میں بیدلؔ کی خاص نازک خیالی و معنی آفرینی موجود ہے۔

نکتہ: مقصد از سر بگریباں بہ فکر تحقیق خود افتادن ست نہ از سرگرانی ہائے بے حسی در سر زانو دادن۔ و مدعاے تامل بہ کنہ معنی وارسیدن ست۔ نہ غبار مژگاں بر فرق بینش پاشیدن۔ معنی تفکر غور حقیقت اشیاء ست و حقیقت اشیاء بقدر عرض صور چہرہ کشا۔ دریں تماشا کدہ بہ فسونِ تخیل خواب بر طبیعت نباید گماشت و بہ فریبِ تفکر دامن شہود از چنگ فرصت نباید گذاشت۔ جلوۂ بے نقاب را بہ خیالِ مشاہدہ نمودن از نازکی ہائے محرومی نگاہ ست و از معنی مکشوف معما تراشیدن دلیل

دقت ہائے فطرت کوتاہ۔"

خط کشیدہ جملوں اور آخری دو جملوں کو دیکھئے۔ کیا حسن ادا پیدا کیا ہے۔ کہتے ہیں کہ سر بگریباں ہونے سے مقصود یہ ہے کہ اپنی حقیقت کو سمجھنے کی فکر کی جائے نہ یہ کہ بے حسی کے ساتھ زانو پر سر رکھ دیا جائے کہ زانو میں درد ہونے لگے اور حاصل کچھ نہ ہو۔ تامل کرنے اور آنکھ بند کر کے سوچنے سے مدعا یہ ہونا چاہیے کہ حقیقت کی تہہ تک پہنچ جائیں نہ یہ کہ صرف مژگاں کا غبار بینائی کے سر پر ڈال دیا جائے، تفکر کے معنی حقیقت اشیا پر غور کرنا ہے اور اشیاء کی حقیقت صورتوں کے پیش نظر ہونے سے دریافت ہو سکتی ہے۔ اس تماشا کدۂ عالم مین تخیل کے جادو سے طبیعت پر خواب طاری نہ کرنا چاہیے۔ یعنی نام ہو تخیل اور تفکر کا لیکن طبیعت خواب غفلت میں ہو۔ اور تفکر کے فریب میں آ کر کہیں ایسا نہ ہو کہ جو فرصتِ حیات حاصل ہے۔ اس میں مظاہر عالم کا مشاہدہ نہ کیا جائے۔ جلوۂ بے نقاب کو صرف خیال میں مشاہدہ کرنا اگر کوئی نزاکت ہے تو اصل میں اس کو محرومی نگاہ کی پیدا کی ہوئی نزاکت سمجھنا چاہیے۔ اور معنی واضح وصاف کو معما بنانا اگر دقّت آفرینی ہے تو اس کا بانی و باعث فطرت کوتاہ کو تصور کرنا چاہیے۔

مژگاں کو غبار کہنا اور آنکھیں بند کرنے کو غبار مژگاں برفرق بینش پاشیدن سے تعبیر کرنا کس قدر دلکش ہے۔ یہ مضمون غزل کے اس شعر میں بھی لکھتے ہیں:

شش جہت آئینہ دار شوخی اظہار اوست

نیست جز مژگاں حجابے را کہ برداریم ما

اس نکتے کے بعد جو قطعہ لکھا ہے اس میں بھی یہی بات کہتے ہیں:

دیدہ را ترک ہوس ہائے غذدن ہنرست

ورنہ ایں جا رگِ خواب از مژہ نزدیک تر ست

غافل از ظاہر آفاق نباید بودن
آخر اے بے خبر ایں بزم طلسم صورست

خوب کہا کہ رگِ خواب پلکوں سے بہت قریب ہے۔ پلکیں بند ہوئیں اور خواب غفلت طاری ہوا۔ اس لیے آنکھوں کو ترک ہوسِ خواب دشوار ہے مگر یہی ان کا ہنر اور کمال ہے۔ یہ بزم دنیا آخر صورتوں اور شکلوں کا ہی طلسم ہے۔ پھر ان سے تغافل اور تجاہل کیوں کر اختیار کیا جائے۔

نکات میں اکثر غزلیں طویل بحروں کی ہیں اور نہایت مترنم اور دلکش ہیں۔ بہت سی غزلوں میں نئی اور دلچسپ زمین نکالی ہے۔ ایک غزل کے دو چار شعر دیکھئے:

زرہِ ہوس بتو کے رسم نفسے ز خود نہ رمیدہ من
ہمہ حیرتم بکجا روم برہت سرے نکشیدہ من

چو گل آنکہ نسخۂ صد چمن ز نقاب جلوہ کشودہ تو
چو مے آنکہ عشرتے عالمے ز گداز خود طلبیدہ من

چہ بلا ستم کش غیرتم چہ قدر نشانۂ حیرتم
کہ شہیدِ خنجر ناز تو شدہ عالمے و طپیدہ من

تو بہ محفلے نہ نمودہ رو کہ ز تابِ شعلۂ غیرتش
ہمہ اشک گشتہ برنگ شمع ز چشم خود نہ چکیدہ من

تو و صد چمن طربِ نمو ۔ من و شبنمے نگہ آبرو
یہ بہار عالمِ رنگ و بو ہمہ جلوہ تو ہمہ دیدہ من

دوسرے شعر میں مضمون آفرینی اور الفاظ و تراکیب کا حسن دیکھئے۔ کہتے ہیں کہ ''وہ شخص جس نے گل کی طرح نقابِ جلوہ سے نسخۂ صد چمن کھول دیا ہے، تو ہے۔ اور وہ شخص جس نے شراب کی مانند ہمہ تن گداز ہو کر عشرتِ عالم کا سامان مہیا کیا ہے، میں ہوں۔'' کھلے ہوئے پھول کو کھلا ہوا نسخۂ صد چمن کہا ہے۔ اور شراب کو سراپا گداز ہو کر عشرتِ عالم کا سبب قرار دیا ہے۔ کیا حسنِ تخیل ہے!

پانچویں شعر کا تو جواب ممکن نہیں۔ ''تو وصد چمن طربِ نمو'' کہنا بھی نہایت لطیف تھا لیکن ''من و شبنمے نگہ آبرو'' تو بیدلؔ کی خصوصیت ہے۔ شبنم کی تشبیہ آنکھ سے مشہور ہے اور آنکھ کی آبرو نگاہ سے ہے۔ گویا شبنم دیدۂ نگہ آبرو ہے لیکن اس طرح کہتے تو یہ لطافت پیدا نہ ہوتی۔ دیدہ کا لفظ حذف کر دیا اور ''شبنمے نگہ آبرو'' کہا اب شبنم ''مانند دیدہ'' نہیں بلکہ ''عینِ دیدہ'' ہوگئی۔ اور دوسرے مصرعہ میں ''ہمہ دیدہ من'' کس قدر درست و مطابق ہوگیا۔ اس موقع کے لیے نگہ آبرو کی ترکیب کسی دوسرے کے ذہن میں آنی مشکل تھی۔ آبرو کی مناسبت شبنم سے اور شبنم کی چمن۔ نمو۔ بہار سے ظاہر ہی ہے۔ پورے شعر کا لطف واثر کیا بیان میں آسکتا ہے۔ پڑھیے اور مزہ لیجیے۔

مرزا بیدلؔ نے اپنے نکات میں اس امر پر بہت زور دیا ہے کہ انسان کو دنیا میں اپنی آنکھیں کھلی رکھنی چاہییں اور دیدۂ وا وچشم بیدار سے کائنات کا مطالعہ کرنا، اس سے حظ حاصل کرنا اور اس پر غور کرنا چاہیے اس مضمون کا ایک اور نکتہ نقل کرتا ہوں۔ نکتہ کے بعد قطعہ ہے۔ دونوں میں ایک ہی مضمون ہے اور دونوں میں بیدلؔ کا اسلوب قائم ہے۔ اس لیے دونوں کو ساتھ لکھتا ہوں۔

نکتہ: ''۔ چشم پوشیدہ ہر چند فردوس در قفس دارد آئنہ دار کوری ست و مژگانِ خوابیدہ اگر ہمہ اقبالش چراغ زیر دامن باشد دلیل بے نوری ست۔ اگر بخیہ ہائے مژگاں از ہم نمی تواں گسیخت۔ نمکِ گریہ بریں زخم ہا باید ریخت۔ و اگر بایں پیہ(۱) افسردہ شمع نگاہے نتواں افروخت بہ طمعگی زاغے وزغن باید فروخت۔''

قطعہ:

چشم خواب آلود کلفت خانۂ در بستہ است
سیل اگر غافل شود آتش درین بنیاد ریز

در ہمہ آئینہ دار گوہر راز دل ست
یک کف خاکش کن و در رہگذار باد ریز

---

(۱) چربی

زندگی بیداری ست ایثار جان پاک کن

صورت مرگ ست رنگ خواب ، بر اجساد ریز

رنگ ہا در پردۂ تحریکِ مژگاں خفتہ است

ہرچہ می خواہد دلت زیں خامۂ بہزاد ریز

مدعا ایں ست کز سعی نظر غافل مباش

بر اثر ہائے تماشا ہر چہ بادا باد ریز

نکتہ میں کہتے ہیں کہ بند آنکھ خواہ اپنے قفس کے اندر بہشت رکھتی ہو پھر بھی عدم بصارت کی آئینہ دار ہے۔ اور بند پلک اگر تمام دنیا کے اقبال کے چراغ زیر دامن بنائے ہوئے ہو پھر بھی بے نوری کی دلیل ہے۔ اگر پلکوں کی بخیہ ادھیڑی نہیں جا سکتی تو ان زخموں پر نمکِ گریہ چھڑکنا چاہیے۔ (گویا آنکھیں زخم ہیں اور بند پلکیں ان کے ٹانکے) اور اگر آنکھوں کی جمی ہوئی چربی سے شمع نگاہ روشن کرنا ممکن نہیں ہے تو اس چربی کو زاغ وزغن کے کھلانے کے لیے فروخت کر دینا چاہیے۔

قطعہ میں فرماتے ہیں کہ چشم خواب آلود گویا ایک در بستہ کلفت خانہ ہے۔ اگر اس گھر کو سیلاب نہیں بہا کر لے گیا تو اس میں آگ لگا دو۔ یہ چشم خوابیدہ خواہ اسرار غیب کی آئینہ دار ہو پھر بھی اس کو خاک کر کے ہوا میں اڑا دو۔ زندگی بیداری کا نام ہے۔ ایسی زندگی روح کو بخشنی چاہیے۔ خواب صورتِ مرگ ہے اس موت کو اجسام پر مسلط کر دو۔

مژگانِ خفتہ کی جنبش کے پردے میں کیا کیا رنگ رکھے ہوئے ہیں۔ مژگاں گویا کلکِ بہزاد ہے۔ اس سے جو چاہو نقش بنا لو (لیکن قلم جنبش کرے گا تو تصویریں بنیں گی۔ پلکیں اٹھیں گی تو آنکھ کھلے گی تو جلوے سامنے آئیں گے)۔ مدعا یہ ہے کہ سعی نظر سے غافل نہ رہو۔ نظارہ وتماشا کے اثر ونتیجہ کی پروا نہ کرو۔ ہر چہ بادا باد۔ بقول مرزا داغ ؎

بہار عمر میں باغ جہاں کی سیر کرو کھلا ہوا ہے یہ گلزار دیکھتے جاؤ

نکات کی ایک اور غزل کا یہ شعر دیکھئے۔ پیغام عمل ہے کہ طلب عیش وطرب سے غافل

نہ رہو۔ اگر موجودہ حالت سے بہتر صورتِ طرب حاصل کر سکتے ہو تو موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دو:

ہمہ جاست شوقِ طرب کمیں ز و داغ غنچہ گل آفریں
تو اگر ز خود روی ایں چنیں بتواز تو خوب ترے رسد

شوق کو طرب حاصل کرنے کے مواقع ہر جگہ حاصل ہیں۔ دیکھو غنچہ اپنی خودی کو چھوڑتا ہے۔ حالت غنچگی سے نکلتا ہے تو اس کو گل حاصل ہو جاتا ہے۔ تم بھی اسی طرح اپنی خودی اور موجودہ حالت کو ترک کرو گے تو تم سے خوب تر ہستی تم کو مل جائے گی۔ دیوان میں بھی غنچہ و گل کی اس تشبیہ کو دوسرے مضمون میں لکھا ہے:

دوری دامن وصل ست بخود پیچیدن
غنچہ گر وا شود از خویش گلش در چنگ است

افسردگی و بیدلی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتے ہیں اور کس قدر شور انگیز آہنگ کے ساتھ۔

فسردگی ہائے ساز امکاں ترانہ ام راعناں نگیرد
حدیث طوفاں نوائے عشقم خموشی از من زباں نگیرد

میں تو عشق کی حدیث طوفاں ہوں۔ طوفان کا شور میرے ترانے میں ہے۔ کہیں طوفان کے شور کو روکا جا سکتا ہے۔ پھر خاموشی میری زبان کیا پکڑ سکتی ہے۔

اس غزل میں مناسبات کے ساتھ یہ شعر بھی خوب نکالا ہے:

مقاز برمایۂ تعلق کہ کاروانِ متاع ہمت
بچار سوئے کہ خود فروشی رواج دارد، دکاں نگیرد

جس چوک بازار میں خود فرشی کا رواج ہو وہاں کاروانِ متاع ہمت اپنی دکان نہیں لگاتا۔

لیکن ''بیدلیت'' اس شعر میں زیادہ ہے۔

ز خود بر آتا رسد کمندے بکنگر قصر بے نیازی

یہ نرد باں ہاے چینِ دامن کسے رہ آسماں نگیرد

''دامن چننا'' جاہ ودولت کی علامت ہے۔اہل دنیا کا شیوہ ہے۔دامن چننے سے شکنیں پڑ جاتی ہیں۔ان کو سیڑھی کہا ہے۔کہتے ہیں کہ چینِ دامن کے زینہ پر چڑھ کر کوی شخص آسمان پر نہیں جا سکتا۔اوراس شعر کی تخیل وتشبیہ بھی خوب ہے۔

اگر بعزم کشادِ کاری زگوشہ گیراں مباش غافل

کہ تیر پرواز را نہ شاید دمیکہ بال از کماں نگیرد

تصور کیجئے کہ تیر کمان میں لگا ہوا ہے اور کمان کھنچی ہوی ہے۔معلوم ہوتا ہے کہ پرند پر پھیلائے ہوئے ہے۔کہتے ہیں کہ تیر میں کمان کے پر نہ لگیں تو وہ اڑ نہیں سکتا۔اور کمان گوشہ گیر ہے۔گویا یہ اس کی گوشہ گیری کا فیض ہے جو تیر کو پہنچتا ہے۔تم بھی اگر کشاد کار کا عزم رکھتے ہو تو گوشہ گیروں سے ہمت طلب کرو۔

یہ نکات بیدل کی مختصر سیر ہوئی۔چہار عنصر میں اس سے بہت زیادہ دلچسپ حصے انتخاب کیے جا سکتے ہیں۔چہار عنصر میں بیدل کے حالات زندگی بھی جا بجا ملتے ہیں۔ان کے واردات ومکاشفات بھی ہیں۔اہل اللہ کے فیوض وکرامات بھی ہیں اور تصوف کے مباحث بھی۔طرز عبارت وہی ہے جو نکات میں ہے۔استعارہ وتشبیہ کی نزاکتیں اور لطافتیں بھی وہی ہیں۔عنصر اول میں ''گرمی ہائے صحبت اہل فضل وکمال'' کا تذکرہ کرتے ہیں اوراس سلسلہ میں سب سے پہلے مولانا شیخ کمال کا نام لیتے ہیں۔ان کی مدح میں یہ شعر خوب کہا ہے۔

بزرگی ہا خیال فضل تامش کمال اندیشہ تعظیم نامش

بزرگی کیا ہے؟ان کے فضل وکمال کا تصور۔کمال کیا ہے ان کے نام کی تعظیم کا خیال۔اور یہ فقرہ بھی بہت خوبصورت ہے۔

''۔باوجود تقیدات جسمانی چوں نفس وارستگی بنیاد۔وباکمال تعلقات مکانی چوں

نگاہ از خانماں آزاد۔"

اس کے بعد رباعی کے اس شعر میں آزادی کی ایک اور مثال دیتے ہیں۔

چوں پر تو شمع از سبک روی ہا  در پیرہن و ز پیراہن آزاد اند

نور شمع کے لیے شعلۂ شمع پیرہن ہے۔ لیکن نور اس پیرہن میں رہ کر بھی پیرہن سے آزاد ہوتا ہے۔ مولانا نے شیخ کمال سے استفادہ طریقت و معرفت، ان سے اعمال و اوراد کی اجازت، ان کے اور اپنے کرامات بڑے لطف سے بیان کیے ہیں۔ مولانا کی محفل صحبت کا پاس ادب بیان کرتے ہیں کہ حاضرین کے دل میں شوخی و بے ادبی کا تصور و خطرہ بھی پیدا نہ ہوتا تھا لیکن یہ مفہوم اس پیرائے میں ادا کرتے ہیں۔

"در ادب گاہ گلشنِ ظہورش خیالات پردۂ تصور ہا ناچار در رنگ تصویر می خوابید۔ و در تسلیم کدۂ محفل صحبتش شوخی تمثال خواطر بے اختیار سر در حیرت آئینہ می دزدید۔"

مولانا کا ایک قول لکھتے ہیں:

"سازِ حقیقت از دست مجاز تراشانِ بے اصول کمیں گاہ صد محشر فریاد است۔ و حسن معنی از نگاہ لفظ آشنایانِ بے ادراک غبار آلود عالم بیداد۔"

"بے اصول" اور "بے ادراک" کے اضافے "ساز" اور "معنی" کے ساتھ کس قدر موزوں ہیں۔ اسی طرح "صد محشر" اور "یک عالم" نے کس قدر ترقی پیدا کر دی جب کہ دوسرا جملہ غبار آلود تک ہی مکمل اور بامعنی تھا۔ "بیداد" کی ضرورت نہ تھی۔ لیکن "بیداد" سے صرف "فریاد" کا قافیہ نہیں ہوا بلکہ حسن پر ظلم کرنے کا مفہوم بھی پیدا ہو گیا۔

عنصر دوم میں ایک جگہ ایک مجذوب شاہ کابلی کا تذکرہ کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں ایک روز دہلی میں گھوڑے پر سوار جا رہا تھا۔ دیکھا کہ سامنے سے جو لوگ آ رہے ہیں وہ مجھے دیکھ کر ہنس رہے ہیں۔ آگے بڑھا تو ایک راہ گیر کو یہ کہتے سنا کہ اس سوار کے پیچھے ایک دیوانہ ہے۔ جو بالکل گھوڑے کی چال سے اچھلتا کودتا آ رہا ہے۔ میں نے مڑ کر دیکھا تو شاہ کابلی تھے۔ یہ دیکھ کر

"بے خودانہ خود را از اسپ برزمیں انداختم و سایہ وار رخش جبیں را بعرصۂ سجود تاختم"

اس کے بعد عجیب جوش ومحبت سے بھرے ہوئے شعر لکھتے ہیں۔

تا دو چار ناز کرد آں نرگس مستانہ ام

شوق جوشے زد کہ می پنداشتم میخانہ ام

یار شد بے پردہ، دیگر تاب خودداری کراست

اے رفیقاں نو بہار آمد کنوں دیوانہ ام

دوسرے مصرع کا جوش اور چوتھے مصرعے کا شوق قابل دید ہے۔ کیا خوب کہا ہے۔ ''می پنداشتم مے خانہ ام'' اس کے بعد لکھتے ہیں ۔ وہیں ایک دوکان خالی نظر آئی۔ ہم دونوں وہاں جا بیٹھے۔ میں نے اپنا حال بیان کیا کہ اب میں آزاد نہیں رہا۔ شادی کر لی ہے۔ تخمِ تجرد بہ ریشۂ تاہل تنیدہ است۔ لیکن مجھے خبر مل گئی ہے کہ میرا ''نخل یکتائی'' ''ثمر نتائج'' سے آزاد رہے گا۔ اور میرے ''حدیقہ بے تعین'' میں ''شگوفۂ دورنگی'' پیدا نہ ہوگا۔ شاہ کابلی نے فرمایا۔ سچ کہتے ہو۔ ہم لوگوں کی تو یہ شان ہے کہ لم یکن لہ کفوا احد.

عنصر سوم سے ایک لطیفہ لکھتا ہوں ۔ بڑے لطف سے بیان کیا ہے۔ کہتے ہیں اکبر آباد (آگرہ) میں پیر کام گار (نام نہیں لکھا) اپنی سعادت ازلی سے فقرا کی خدمت میں مصروف رہتے تھے۔ اور فقیر کو بھی اس گروہ میں شامل سمجھ کر بہت تواضع سے پیش آتے تھے ان کی صحبت میں کچھ ایسے لوگ بھی تھے جو نظم کو نظم کی طرح پڑھ بھی نہ سکتے تھے نہ اصول شعر وعروض سے واقف تھے، پھر بھی خاقانی وخسرو کو اپنے سامنے کچھ نہ گردانتے تھے۔ دوسروں کے مضامین سرقہ کر کے نظم کر لیتے تھے اور اس پر فخر کرتے تھے۔ اس کے بعد ایک قطعے میں ان لوگوں کی ہجو کرتے ہیں:۔

ناقصے چند کہ در تفتیش گاہ امتیاز

آدمیت داشت از اوضاع شاں ننگِ خری

بوسہ گاہ فطرت اصلی سم گاوِ زیں

گردن دعویٰ ز شاخ ثور گردوں برتری

بال و پر مشتے خس و پرواز اوجِ کہکشاں

جادہ ہائے بے سپر وانگہ دماغ محوری

بے خبر کز دست گاہ یک دو لفظِ مستعار

پیش نتواں برد بامعنی سپاہاں ہمسری

گر بود عرضِ کمال آئینہ وا داشتن

از نمد ہم می تواند جوش زد از اسکندری

(آئینے کو نمدے کے کیسہ میں رکھتے تھے کہ نمی کے اثر اور زنگ سے محفوظ رہے۔)

از رہ تقلید نتواں صاحب معنی شدن

ژالہ بیش از یک دو دم برخود نچیند گوہری

رتبۂ معنی بقدر ہمت مرد ست و بس

گر بہ بندد آبلہ از پا نمی آید سری

پھر کہتے ہیں میں ان لوگوں سے الگ رہتا تھا۔ ''بے دماغی ہائے ذوق وارستگی قید ہم طرحی شاں نہ پسندید۔'' ان لوگوں کو یقین تھا کہ میں ایک بیت یا ایک مصرع بھی موزوں نہیں کر سکتا۔ ایک روز میر کامگار کے ساتھ ''باغ دھری'' (اس کا پتہ نہ چلا کہ کون سا باغ تھا، آگرے میں کس مقام پر تھا۔) کی سیر کو جانے کا اتفاق ہوا۔ اس نزہت کدے کی کیفیت ہوا نے سلسلۂ موزوں ادائی میں تحریک پیدا کی اور تصور میں تازہ مضامین آنے لگے اس کے بعد طویل عبارت میں وہ تازہ مضامین لکھے ہیں اور شاعری و عروض کے تلازمہ کے ساتھ باغ کا منظر دکھایا۔ دو ایک جملے یہ ہیں:

''روانی طبع آب رواں از بحر طویل جوئے ہا مبتدیٔ انداز نازیدن۔ و بدیہہ امواج بہ ترجیع بند فوارہ ہا منتہی پرواز بالیدن۔ رباعی وضع حوض ہا از لب ریزی معانیِ آبدار مائل مستزاد رسانی۔ وقصیدہ آبشار ہا از ہجوم سلاست ریزش مسجع طراز مسلسل خوانی۔''

غور کیجئے تو ایک ایک لفظ برمحل اور موزوں تلاش کیا ہے۔ نہروں سے جو پانی چمنوں میں لایا گیا ہے وہ آہستہ آہستہ بہہ رہا ہے گویا ناز کرنے کے انداز سیکھنے میں ابھی مبتدی ہے۔ موجیں خود بخود اچھل کر گویا بدیہہ گوئی کر رہی ہیں۔ فواروں کا پانی بلند ہو کر پستی کی طرف راجع ہوتا ہے گویا ترجیع بند ہے۔ امواج کو بلندی کا منتہی کہا ہے۔ رباعی کو مستزاد کیا چاہتا ہے۔ حوضوں میں پانی برابر بڑھ رہا ہے گویا رباعی مائل مستزاد رسانی ہے۔ آبشاروں میں شور بھی ہوتا ہے اور ''سجع'' فاختہ کی آواز کو بھی کہتے ہیں۔ اس کے بعد لکھتے ہیں کہ ابھی ہم سیر باغ میں مصروف تھے کہ یکا یک آندھی آ گئی۔ اس قدر خاک اڑی کہ باغ کا حلیہ بگڑ گیا۔ تماشائیوں نے منہ چھپا لیا اور آنکھیں بند کر لیں۔ اس مضمون کو کس قدر خوبصورتی سے لکھتے ہیں:۔

''ناگاہ جنون جولانی طبیعت نسیم غبارے از کمین بے اعتدالی دمانید۔ و نظم ترتیب ایں چمنستاں بشوخی ہائے مراتب نثر پوشائید۔ سر بہ ہوا افروختن تماشائیاں محتاج سیر گریبان گردید۔ و وسعت آغوشی نظارہ ہا بمضمون مژگاں بستن انجامید۔''

خوب کہا۔ تماشائی جو سر اٹھائے سیر باغ میں مصروف تھے اب سیر گریباں کے محتاج ہو گئے اور نظارہ کے وسعت آغوشی آنکھیں بند کرنے کے مضمون پر ختم ہوئی۔ ''مضمون'' کا لفظ خوب رکھا ''بستن'' کو مژگاں اور مضمون دونوں سے تعلق ہے اور ''وسعت'' سے بھی۔ اس کے بعد لکھتے ہیں کہ جب یہ طوفان فرو ہوا تو میر کامگار نے مجھ سے فرمائش کی کہ اس کیفیت کو نظم و نثر میں بیان کیا جائے۔ یہ بلاشبہ طبیعت آزمائی کا موقع تھا اس لیے ''برق آہنگی شوق'' نے ''ننگ افسردگی'' کو پسند نہ کیا۔ چنانچہ قبل اس کے کہ ''دشمنان ہرزہ تاز'' کسی وہم و بدگمانی کی غبار انگیزی کریں بیدل کا خانۂ سبک عناں منزل پر پہنچ گیا اور اس مضمون کا نام سرمۂ اعتبار رکھا گیا۔ سرمۂ اعتبار کو ایک نظم سے شروع کرتے ہیں جس کا مطلع یہ ہے۔

نہ غبارست کزیں دشت پرافشاں برخاست
نگہے فال تماشا زد و مژگاں برخاست

یہ غبار نہیں اٹھا ہے بلکہ نگاہ نے تماشا دیکھنا چاہا ہے اس لیے پلک اٹھی ہے۔ غبار کی تشبیہ مژگاں سے نہایت موزوں ہے۔ سرمۂ اعتبار کی تمام نظم ونثر جو پانچ صفحوں پر پھیلی ہوئی ہے فی الحقیقت بہت عمدہ ہے۔ عنصر چہارم میں بقول بیدلؔ کے ''صور عجائبات'' اور ''نقوش غرائب'' تحریر کیے گئے ہیں۔ یعنی بیدلؔ نے بہت سے عجیب وغریب واقعات لکھے ہیں جو ان کے ذاتی مشاہدے اور تجربے میں آئے۔ ان میں سے بعض واقعی نہایت نادر الوقوع ہیں جن کی تاویل وتوجیہہ نہایت دشوار ہے۔ لیکن جو یا جن کی مثل پہلے بھی اولیاء اللہ اور اربابِ صفا سے منقول ہوئے ہیں۔ میں دو مختلف نوعیت کے واقعات بطور نمونہ درج کرتا ہوں۔

واقعہ: (۱) لکھتے ہیں کہ سوادِ اکبر آباد (مضافاتِ متھرا) میں ایک دن صبح کی سیر کے لیے نکلا۔ ''بکشاد بال سحر پرواز اہتزازے داشتم'' ابھی آفتاب طلوع ہی ہوا تھا کہ راستے کی مغربی سمت ایک بجلی چمکی اور نور کے دو فوارے دور سے طناب کی طرح کھنچ گئے ..... ''برقے درخشید ودو فوارۂ نور از دور طناب کشید'' ..... میں نے غور کیا تو معلوم ہوا کہ وہ رشتہ نور میرے اوپر تنا ہوا ہے اور اس کی چمک نے میرے سراپا کو لپیٹ لیا ہے ..... چوں وار رسیدم سر گران رشتہ بر من تنیدہ بود ولمعۂ آں بر سراپایم پیچیدہ ..... میں نہایت متحیر ہوا کہ اگر اس کو خطِ شعاع تصور کیا جائے تو آفتاب اس قدر بلند نہیں ہوا ہے اور میرا رخ مغرب کی طرف ہے۔ مغرب سے کیونکر یہ استنباط پر تو ممکن ہے۔ اس لیے دریافت کرنا چاہیے کہ یہ سلسلہ طناب کس خیمے سے تعلق رکھتا ہے اور یہ موجِ شعشعہ کس چشمہ سے پیدا ہوئی۔ تفتیش کے لیے میں جس قدر آگے بڑھتا تھا روئی کی طرح آگ کے قریب ہوتا جاتا تھا۔ ''چوں پنبہ مقارن آتش گردیدم'' یہاں تک کہ میرا عضو عضو جلنے لگا اور دم گھٹنے لگا۔ اس کیفیت کو ایک قطعے میں بیان کرتے ہیں جس کے دو ایک شعر یہ ہیں۔

بسکہ آغوش جہات امن بر من تنگ بود

چشم ہر جا کہ می کشودم چوں شرر می سوختم

گریہ ہم آبے نہ زد برآتش من ہمچو شمع

باوجودِ دست گاہ چشم تر می سوختم

اضطرابم ہم چو تاب شعلۂ جوالہ داشت

گرد رہ می گشتم و پاتا بسر می سوختم

اس کے بعد لکھتے ہیں اس کیفیت کا راز اس طرح معلوم ہوا کہ میں نے خانہ بدوش خاندان کو جنگل میں مقیم پایا۔ان میں ایک پری پیکر تھی۔اس کی آنکھوں سے شعاع کی طرح نگاہ نکل رہی تھی ''مدنگاہش بایں شعاع از خانہ ہائے چشم بیروں دویدہ''۔بیدلؔ تاب دیدار نہ لا سکے اور فوراً اس ورطہ آتش سے سلامت نکل آئے۔کہتے ہیں کہ اس واقعے کے بعد میں تین مہینے متھرا میں مقیم رہا لیکن ایک ساعت کے لیے بھی تپ محرق سے راحت نہ ملی۔کافور بدن پہ ملتا تھا لیکن سوزش کم نہ ہوتی تھی۔دریا میں نہاتا تھا لیکن راحت نہ ملتی تھی۔اس کے بعد قطعے میں کیا خوب کہتے ہیں:۔

جلوہ نیرنگ ایں آئینہ را تعداد نیست

قدرت آباد ست از خاصیت انساں مپرس

واقعہ(۲)

بیدلؔ لکھتے ہیں کہ ان کے دوستوں میں ایک شخص انوپ چتر نقاش تھا۔نثر میں اس کے کمال مصوری کی تعریف کر کے نظم میں لکھتے ہیں

خامۂ او ہر کجا تصویرِ شمع می کشید

تا قیامت داشت از رنگش چراغ افروختن

ہیئتِ پروانہ گر در نظر می بست نقش

نفس دود انگیخت تا محشر ز بالش سوختن

ریشۂ نخلے کہ از کلکش نم پرواز یافت

در بہارش شاخ خم می شد ز بار اندوختن

پھر کہتے ہیں کہ وہ مصور فقیر کا قدیم آشنا تھا۔ ''با فقیر مدت ہا آشنائیش بہار موافقت داشت'' اس کی بڑی آرزو تھی کہ میری تصویر بنائے۔ ''یعنی از نقش تصویر بیدلؔ ہنگامۂ نیرنگی سازد'' لیکن مجھے اس قسم کے فضول اشغال کی طرف توجہ نہ تھی ۔مگر اس کی التجا والحاح کا تقاضا تھا:۔

کو سر کہ کنم نقش چو پائے سپرت
یا رنگ کے گردم ز ہوس گرد سرت
آئینہ چہ دارد ز سرو برگ قبول
جز آں کہ ترا جلوہ دہد در نظرت

گویا مصور یہ کہتا تھا کہ میں آئینے کی مثل ہوں۔ آئینہ اس کے سوا کیا کر سکتا ہے کہ تمہارے سامنے خود تمہارا ہی جلوہ پیش کر دے۔ کہتے ہیں آخر کار:۔

''سرنگونی ہائے خامۂ ضراعتش بآئینہ پردازی نیاز آں ہمہ در شکست کہ صورت ایں عجز سرشت ناچار بر صفحۂ اثر نقش بست۔ کیفیتے منظور تماشا گردید کہ تحقیق در برابرش شبہ می پیمود و آئینہ در مقابلش عکس می نمود بہ تفتیش تفاوت و امتحان شعور ہر چند بہ تامل می پرداختم شخص خود را از آن تمثال باز نمی شناختم۔''

یعنی اس نے میری تصویر کھینچی اور ایسی کہ آئینہ اس کے مقابل میں عکس معلوم ہونے لگا اور میں بھی اپنی ذات میں اور اس تصویر میں کوئی فرق محسوس نہ کر سکا۔

سیر او در امتیاز نوع واصل
آشنا را داشت مستغنی ز وصل
تا شود بیگانہ ہم محرم نشاں
''بیدلؔم'' می گفت بے کام و زباں

یعنی اس تصویر کی بدولت احباب ملاقات سے مستغنی ہوتے تھے اور وہ بیگانوں کے سامنے بول اٹھتی تھی کہ ''میں بیدل ہوں'' اس کے بعد کہتے ہیں کہ دس سال تک وہ تصویر باعث حیرت بنی رہی۔ ''تا دہ سال تماشائے آں نگارستاں بے نشاء حیرتے نبود''

پھر ۱۱۰۰ھ میں ''بمقتضائے عجز بشری'' میں عارضۂ تپ میں مبتلا ہو گیا اور سات مہینے صاحب فراش رہا۔ صحت کی امید نہ رہی تھی۔

''امید بہی از باغ تصور دامن چیدہ بود و خیال سر برداشتن از ریشہ طبیعت دست کشیدہ۔''

بودم گردے فسردہ یاس مآل
پرواز باد رفتہ و ریختہ بال
چوں عکس نمود داشتم لیک بوہم
چوں صبح نفس می زدم امّا بخیال

اس کے بعد لکھتے ہیں کہ اسی زمانے میں ایک دن کسی دوست نے ایک کتاب مطالعے کے لیے کھولی اتفاق سے وہ تصویر اسی کتاب کے اندر رکھی ہوئی تھی۔ تصویر کو دیکھتے ہی چلا اٹھا کہ یہ تصویر تو بالکل تباہ ہو گئی۔ رنگ و روغن کچھ باقی نہ رہا۔

''می گفت آہ بریں نقش غریب چشم زخمے رسید وایں بہار تماشا پامال شکست رنگ گردید۔''

یقیناً کسی نادان بچے نے بھیگا ہوا ہاتھ تصویر پر پھیر دیا ہے کہ رنگ بالکل خراب ہو گیا۔ سب حاضرین یہ حال دیکھ کر افسوس کرنے لگے۔ میں نے بھی اس کو دیکھا تو ایسا معلوم ہوتا تھا گویا رنگ کبھی تھا ہی نہیں کہ شکستِ رنگ کی تہمت لگائی جائے۔ اور کوئی نقش نظر نہ آتا تھا جس کو گردِ سراب سمجھا جائے..... ''رنگے درمیاں نبود تا بر شکست تہمت تواں گماشت و نقشے در نظر نمی آمد تا گرد سرابش باید انگاشت۔''

کہتے ہیں کہ اس حالتِ مرض میں مجھ میں اتنا دم بھی نہ تھا کہ تصویر کے ضائع ہونے پر اظہار افسوس کر سکوں۔ تصویر ہاتھ سے رکھ دی اور عالم تنزیہہ کی طرف متوجہ ہو گیا۔ جب ایک عرصے کے بعد مرض سے صحت ہو گئی تو ایک روز اس تصویر کا خیال آ گیا۔ لوگوں نے کہا کہ وہ اسی کتاب میں رکھی ہوئی ہے۔ میں نے کتاب منگوائی اور ورق گردانی کرنے لگا کہ دیکھوں کہ آخر تصویر

کے خراب ہونے کا کیا سبب ہے۔

''تا دریابم کہ خموشی پردۂ سازش (تصویر) بعلت بے اصول چہ آہنگ ست و شکستِ مینائے رنگش از جنون بے اعتدالی کدام سنگ۔''

کہ یکا یک جیسے خانہ تاریک میں دامن کے نیچے سے چراغ نکل آئے یا روشن انگیٹھی پر سے سرپوش اٹھ جائے۔ وہ تصویر ہزار لمعۂ برق جمال کے ساتھ نظر کے سامنے آ گئی۔ گویا اس کا کچھ بگڑا ہی نہ تھا اور گویا بیدلؔ بے زبان خود بول اٹھنے کو ہے۔

''گویا بیدل بے زباں گرم آہنگ شعلۂ نوائے تکلم است و بہار رفتہ و تجدید چہرہ کشائے صبح تبسم۔''

اس طرح کہ عالم وجود میں بھی بیدلؔ یہ رنگ نہ رکھتا تھا اور خامۂ نقاش بھی ایسی لطافت کے ساتھ نہ کھینچ سکا تھا دیکھنے والے متحیر اور دم بخود رہ گئے کہ یہ کیا ماجرا ہے۔ یعنی بگڑی ہوئی تصویر کیونکر خود بخود اصل حالت پر آ گئی۔ یہ دیکھ کر لوگوں کے حواس باختہ ہو گئے اور مجھ پر بھی سکتہ چھا گیا۔ لکھتے ہیں:۔

''فقیر را پیش از ہمہ ساغر ایں نیرنگ از ہوش بردہ بود۔ و بر دماغ ایاغ سکتہ بیخودی قدم افشردہ۔''

پھر کہتے ہیں:

چوں با فاقہ آمدیم طاقت تکرار تامل نداشتم جنوں بے اختیاری اجزاے صفحہ را بچاک گریباں رسانیدہ و اضطراب بے حوصلگی ہم چناں بخاک مدفون گردانیدہ۔''

یعنی جب یہ کیفیت رفع ہوئی تو مجھے اس تصویر کو دوبارہ دیکھنے کی طاقت نہ تھی۔ میں نے اس کو جنون بے اختیاری میں گریباں کی طرح چاک کر کے خاک میں دفن کر دیا۔

مسٹر آصف علی بیرسٹر (ہز ایکسیلنسی گورنر صوبہ اڑیسہ) نے بیدلؔ کے متعلق ایک مضمون میں اس تصویر کا تذکرہ کر کے افسوس کیا تھا کہ

''.....خوف ہے کہ یہ مرقع اب نایاب ہے اور اگر ایسا ہے تو کتنا غضب ہے۔''

انھوں نے شاید اس پورے واقعہ کو نہیں پڑھا تھا۔ بیدلؔ نے اس مرقع کو خود ناپید کر دیا تھا۔ اس واقعہ تصویر کو بیان کر کے مرزا بیدلؔ ایک طویل تقریر کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس نیرنگ کو منجملۂ ''غرائب قدرت ہائے جہاں بے چومی۔'' سمجھو کہ فہم انسانی کسی فکر و تامل کے ساتھ اس کی حقیقت کے معمے کو حل نہیں کر سکتی اور بجز عالم الغیب کے کوئی شخص اس کی کیفیت کے آئینہ اسرار کو جلا نہیں دے سکتا۔ پس انسان مجبور و معذور ہے اور اس طرح کے واقعات کا مشاہدہ کر کے اس کو اپنے ''عجز احوال'' اور ''مراتب بے اختیاری'' کا اندازہ کر لینا چاہیے۔

اے آں کہ بہ ہیچ عالمے بارِ تو نیست
جز تہمتِ وہم گرد آثار تو نیست
بر خیز بکار خویش مژگاں وا کن
ہر چند کشادہ مژہ ہم کار تو نیست

اس رباعی کے دوسرے شعر میں بھی خوب بات کہی ہے کہ آنکھیں کھولو، دیکھو اور اپنے فرائضِ حیات کے انجام دینے میں مصروف رہو۔ اگرچہ آنکھ کھولنا بھی تمہارا کام اور تمہارے بس کی بات نہیں ہے۔ دوسرے کے اختیار میں ہے۔ یعنی اس بات کو ہمیشہ یاد رکھو کہ عمل کی توفیق وہی کارساز حقیقی دیتا ہے۔ لیکن تم اپنی طرف سے عمل میں کوتاہی نہ کرو۔ اصل میں یہی مومن کا ایمان ہے اور یہی ایمان کا خلاصہ ہے، یہی اسلام کا منشا ہے اور یہی تخلیق انسان کا مدعا۔ یہ اعتقاد کہ تم پلک اٹھاتے ہو تو اسی قادر مطلق کی دی ہوئی قدرت سے اٹھاتے ہو، تم کو ہر وقت ہر کام میں اس کی یاد دلاتا رہے گا۔ اور تم اس کی قیومی کارسازی اور کریمی کی یاد سے ہمیشہ ہر لحظہ قوت عمل اور ہمت سعی بڑھتی رہے گی۔

غرض اس رباعی کے بعد بیدلؔ کہتے ہیں کہ کائنات میں درجات استعداد اور مراتب نقص و کمال مختلف ہیں۔ نباتات میں درخت کی شاخیں تراش دینے سے نشو و نما کا سلسلہ بند نہیں ہوتا۔ پھر شاخیں نکل آتی ہیں لیکن حیوانات میں اعضاء کو قطع کرنے سے دوبارہ وہ عضو پیدا نہیں ہوتے۔ پس اس تصویر کی حقیقت کو بھی بیدلؔ کے خواص طینیت سے تصور کرو اگرچہ خود بیدلؔ

شخص تصویر کی طرح۔ ''معذور جوہر آگاہی۔'' ہے جس طرح نور بینائی مردمک چشم کا پرتو ہے۔ لیکن مردمک اس کی حقیقت سے بے خبر ہے۔

.....

[فائدہ: مولانا قادری نے یہ تشریحات یہیں پر ختم کر دی تھیں۔ اس سے اگلے صفحے پر نظم بیدلؔ کے عنوان سے مزید مضمون شروع کیا تھا۔ مگر اس کی صرف چند سطور ہی لکھی جا سکیں۔ نہیں معلوم کس سبب سے یہ حصہ نامکمل رہ گیا۔

وہ سطور تبرکاً درج کی جاتی ہیں۔ وہو ہذا]

# نظم بیدل

مرزا بیدلؔ کی وفات ۳ رصفر ۱۱۳۳ھ (دسمبر ۱۷۲۰ء) کو ہوئی۔ سال ولادت کا صحیح علم نہیں۔

بیدلؔ نے اپنی تصانیف نثر خصوصاً چہار عنصر میں اپنے جو واقعات و حالات لکھے ہیں ان میں کہیں کہیں سالِ واقعہ بھی لکھ دیا ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ شاہجہاں کے عہد میں ولادت ہوئی ہوگی۔ بیدلؔ نے شاہجہاں کی بیماری کے زمانے میں شجاع اور عالم گیر کی جنگ میں اپنی شرکت اور پریشان حالی کا بیان کیا ہے۔ شاہجہاں کی تخت نشینی ۱۶۲۸ء اور بیماری ۱۶۵۷ء میں ہوئی اس وقت بیدلؔ جوان ہوں گے کہ لشکر کے ساتھ گردش میں رہے۔ اس حساب سے نوے سال کے قریب عمر پائی اور شاہجہاں، عالمگیر، بہادر شاہ، جہاں دار شاہ، فرخ سیر اور محمد شاہ پانچ چھے بادشاہوں کا زمانہ دیکھا۔

[فائدہ: مولانا قادری صاحب نے نظم بیدلؔ کے عنوان سے صرف یہی سطور لکھیں۔ لیکن ان کا ارادہ مفصل لکھنے کا تھا۔ اس سلسلے میں انھوں نے بیدل کے متقدمین شعراء اور کچھ معاصرین کے نام اور تاریخ ولادت الگ کاغذ کے پرزوں پر لکھی تھی۔ وہ یادداشت بھی محض ان کے تبرک کے طور پر درج کی جاتی ہے۔

## مقدمینِ بیدل

| نام | وفات ہجری |
|---|---|
| شفائی اصفہانی | ۱۰۳۷ |
| طالب آملی | ۱۰۳۶ |
| ملا مرشد یزدجردی | ۱۰۳۰ |

| | |
|---|---|
| ظہوری ترشیزی | ۱۰۲۵ |
| ملک قُمّی | ۱۰۲۵ |
| نظیری نیشاپوری | ۱۰۲۳ |
| ابوطالب کلیم | ۱۰۶۱ |
| مرزا صائب | ۱۰۸۰ |
| طاہر غنی کشمیری | ۱۰۷۹ |
| معزالدین فطرت مشہدی | ۱۱۰۱ |
| مرزا عبدالغنی قبول کشمیری | ۱۱۳۹ |
| مرزا عبدالقادر بیدل | ۱۱۳۳ |


.....

# خاکہ برائے مقالہ پی۔ایچ۔ڈی

۱۹۴۷ میں جب راقم الحروف بدنام کنندہ نیکو نامے چند۔ خالد حسن نے فارسی ادبیات میں آگرہ یونیورسٹی سے ایم۔اے۔ کیا تو اس کے بعد مزید حصول تعلیم کے لیے پی ایچ ڈی کرنے کا خیال پیدا ہوا۔ اس کے واسطے جناب والد صاحب قبلہ نے مرزا بیدلؔ حیات و شاعری عنوان تجویز کیا۔

اس زمانے میں فارسی پی ایچ ڈی کا مقالہ بھی انگریزی میں لکھا جاتا تھا اور synopsis بھی پہلے تیار کر کے درخواست کے ساتھ منظوری کے لیے بھیجا جاتا تھا۔

میری حیثیت تو نو واردانِ تازہ ہوائے بساطِ دل سے زیادہ نہ تھی ۔ معلومات درسی اور صلاحیت کتابی اس لیے میں خود تو بیدل پر synopsis تیار کرنے کی اہلیت نہ رکھتا تھا۔ اس وقت تک بیدلؔ کا ایک شعر بھی یاد نہ تھا کیونکہ درسی کتابوں میں شامل نہ تھا۔ حضرت والد صاحب قبلہ نے مکمل synopsis تیار کیا جو میں نے اپنی درخواست کے ساتھ یونیورسٹی میں داخل کیا۔

یہ تحریر آج بھی میرے لیے نہایت اہم ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا قادری کی نظر فارسی ادبیات تاریخ اور شاعری پر کس درجہ عمیق تھی۔ اور ان کا علم کتنا قاموسی تھا۔

بطور یادگار اس تحریر کو بھی شامل کیا جاتا ہے کہ نام نیکو رفتگاں ضائع مکن۔

آخر میں یہ اظہار شاید بے جا نہ ہو کہ مجھے یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی کے لیے داخلہ تو مل گیا مگر میں ۱۹۴۸ء میں آگرہ فورٹ کے ریلوے اسٹیشن سے چھوٹی لائن کی ٹرین میں بیٹھ کر بریلی، اجمیر شریف، حیدر آباد، سندھ، کوٹری، کراچی پہنچ گیا اور وہاں انقلاباتِ زمانہ کا مدتوں شکار رہا۔

پھر کوچۂ درس وتدریس ہی چھوٹ گیا۔ نشریات کی لغویات میں گھرا رہا یہاں تک کہ بی بی سی کی نشریات سے متعلق ہو گیا اور کہیں ۱۹۶۶ء میں دوبارہ پڑھنے پڑھانے کا سلسلہ شروع ہو سکا۔ مگر پھر بیدل پر کچھ کام نہ کر سکا۔ اور حسرت موہانی کی حیات وشاعری پر پی ایچ ڈی کا مقالہ مکمل کیا۔ یہ تو فضول داستان سرائی تھی۔ بعض ابواب اس داستان کے بھی چھوڑ دیے ہیں۔ تو وہ معرکۃ الآرا synopsis درج ذیل ہے:

# مضمون ومکتوب کے اقتباس

## ۲۰۰۴ء

پچھلے صفحات میں بیرسٹر آصف علی صاحب کے ایک مضمون کا حوالہ مولانا صاحب کی تحریر میں آیا ہے۔ یہ نایاب مضمون ہم یادگار کے طور پر درج کرتے ہیں۔

۱۹۵۰ء میں ڈھاکہ سے نظیر صدیقی نے مولانا صاحب کی خدمت میں چند خطوط لکھے تھے جو خطوط قادری کے نام سے شائع ہو چکے ہیں۔ ان میں سے ایک خط سے بیدل کی شاعری کے متعلق مولانا کی تحریر کا اقتباس پیش کیا گیا ہے۔ خ ح ق۔

دیکھئے بات کو اس طرز سے کہنا بھی شاعر کی نازک خیالی ہے اور اس طرح کہنے سے مضمون میں نزاکت اور لطافت پیدا ہو جاتی ہے مگر مجھے یہ نازک خیالی زیادہ پسند ہے جو غالبؔ کے شعر میں ہے ۔

نظارے نے بھی کام کیا واں نقاب کا
مستی سے ہر نگہ ترے رخ پر بکھر گئی

نظر کا نقاب بنے کوئی نئی اور عجیب بات نہ تھی لیکن یہاں نقاب بنانے میں بڑی نازک خیالی ہے۔ گویا نقاب بنا اور بنا ہوا موجود ہے۔ یعنی جو نگاہ رخ پر پڑی مست ہو کر وہیں بکھر گئی۔ ایک دو دس بیس نگاہوں نے بکھر کر نقاب کی جالی بنا دی۔ اس سے نازک تر دیکھئے ۔

شرم اک ادائے ناز ہے اپنے ہی سے سہی
ہیں کتنے بے حجاب کہ ہیں یوں حجاب میں

محبوب کی شرم اک ادائے ناز ہے۔ تو پھر ہر حالت میں ہے، دوسرے سے ہو یا پھر اپنے سے ادائے ناز تو ادائے ناز ہی رہے گی۔ لہذا جو شرم کی وجہ سے حجاب میں ہیں تو گویا اپنے کو ادائے ناز دکھا رہے ہیں اور ادائے ناز دکھانا بے حجابی کی بات ہے۔ اس لیے وہ حجاب میں بھی بے حجاب ہیں۔ اس کو سوچئے گا۔ ذرا مشکل سے ذہن میں آئے گا۔ بڑی نازک اور بالکل خیالی بات ہے۔

بیدلؔ کی نازک خیالی دیکھئے ۔

دریں گلشن چو گل یک پر زدن رخصت نمی باشد
مگر از رنگ یابی نسخۂ بال افشانی مارا

اس گلشن (باغ عالم) میں گل کی طرح ایک بار پر مارنے کی بھی فرصت نہیں ہے۔ بس رنگ اڑنے کو ہماری بال افشانی کا ایک نسخہ سمجھ لو۔ یہاں ہمارا رنگ اڑتا ہے، بس اسی کو ہماری پر افشانی کہہ لو۔ جس طرح کسی عبارت میں ایک لفظ دوسرے لفظ کا نسخہ کہلاتا ہے۔ یعنی اس کا قائم مقام ہوتا ہے۔ اسی طرح ''رنگ اڑنا'' گویا ''پر مارنے'' کا ایک نسخہ ہے۔ رنگ اڑنے کو بال افشانی

قرار دینا کس قدر نازک ہے۔ دونوں کیفیتوں کا تصور کیجئے۔ محسوس چیز کو غیر محسوس سے تشبیہ دی ہے اور پہلے مصرع کی خوبصورتی کو بھی دیکھئے۔ گل کی شگفتگی، پتوں کے کھلنے کو ''پرزدن'' کہا ہے ۔گل کھلتے ہی مرجھانے لگتا ہے۔ کہتے ہیں کہ گل کو تو ''یک پرزدن'' کی رخصت بھی ہے ہم کو اتنی بھی نہیں.....اسی غزل کا دوسرا شعر ہے ۔

نزاکت ہاست در آغوش مینا خانۂ حیرت
مژہ برہم مزن تا تشنگی رنگِ تماشا را

(حیرت کے شیش محل میں بڑی نزاکتیں ہیں، نہایت نازک واقع ہوا ہے پلک نہ جھپکنا، کہیں رنگ تماشا ختم نہ ہو جائے)۔ آسان شعر ہے۔ آنکھ کھولنے سے حیرت ختم ہو جاتی ہے گویا پلک مارنے سے ہی یہ شیش محل ٹوٹ جاتا ہے۔ اسی غزل کا اور شعر لیجئے ۔

نمی سازد متاع ہوش با یوسف خریداراں
بود نقدِ ز خود رفتن نگاہِ جلوہ سودا را

(یوسف کے خریداروں کو متاعِ ہوش کام نہیں دیتی۔ ان عشاق کی نگاہِ جلوہ طلب کے پاس نقد بیخودی ہونا چاہیے۔) یوسف کی مشتاق دیدار زنانِ مصر ہوش کھو بیٹھی تھیں، کہتے ہیں کہ یہاں متاع ہوش کا کام نہیں نگاہ جلوہ سودا (مشتاق جلوہ، خریدار جلوہ) کو نقدِ زخود رفتن (نقد بیخودی) پیش کرنا چاہیے۔

اسی غزل میں اور دیکھئے ۔

دلِ آسودۂ ما شورِ امکاں در نفس دارد
گہر دز دیدہ است ایں جاں عنانِ موج دریا را

(ہمارا دل آسودہ (مطمئن دل) شور کائنات کو اپنے اندر لئے اور چھپائے ہوئے جیسے گہر موج دریا کی عنان کھینچے ہوئے ہے) گوہر کی حالت و کیفیت کو کس نزاکت کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔ گوہر کو یوں سمجھو کہ اس کے اندر موج دریا کی عنان کھنچی ہوئی ہے۔ روک لی گئی ہے۔ رفتار و روانی بند ہو گئی اور گوہر بن گیا۔ گویا گوہر کے اندر موج و طوفان سب ہے مگر ضبط و سکون

میں ہے۔ یہی کیفیت ہمارے دل آسودہ کی ہے اس کے اندر بھی شور وامان ہے مگر بند ہے۔

آپ کی یہ شرط مشکل ہے کہ بیدل کی شرح بھی کرتا جاؤں۔ میں مسلسل چالیس سال سے یہی کام کر رہا ہوں (ستمبر ۱۹۵۱ء میں میری تعلیمی ملازمت کو پورے ۴۱ سال ہو گئے اور یہ مدت تقریباً غیر منقطع ہے) لیکن لکھ کر نہیں کیا۔ زبانی پڑھایا اور سمجھایا۔ ہر شعر کی شرح کرنے میں آپ کا طول امل ہے اور میرا طول عمل۔

بیدل کے چند اور شعر بغیر شرح کے لکھتا ہوں۔

بہشتِ عافیت رنگ جہانِ آرزو یابی — در آغوشِ نفس گریشکنی عرض تمنا را

ایک ترکیب گویا ایک لفظ

تدبیر و گرمواں زداغ کلفت آسودن — مگر آبے زند خاکسترِ ما آتشِ مارا

بآگاہی چہ امکاں است گردد جمع خودداری — کہ باہر موج محابایدگذشت از خویش در مارا

غبارِ احتیاج آنجا کہ دامانِ طل گیرد — روان است آبرو ہرگہ برفتار آوری پارا

بعوضِ بیخودی ہا گرم کن ہنگامۂ عشرت — کہ می نامیدہ اندا اینجا شکستِ رنگ مینا را

ایک ہی زمانے میں چار وہ اور پانچ یہ اور چار پانچ اور بھی، ایک سے ایک نازک خیال ہے اور لیجئے۔

صبحِ نفس متاعِ ندایتم — ناچیدہ رفتہ است بغارت دکانِ ما

ایک ترکیب

نالہ ہا در شکنِ دامِ خموشی داریم — خفتہ پرواز در آغوش شکستِ پرِ ما

بسکہ جاں سختیِ ما آئنۂ خجلت ماست — ہرکہ شد آب زدردِ تو گذشت از سرِ ما

ہمہ جاست شوقِ طرب کمیں، زدواغِ غنچہ گل آفریں — تو اگر زخود روی ایں چنیں، بتو از تو خوب ترے اسد

چو گل آنکہ نسخۂ صد چمن زکتاب جلوہ کشودہ، تو — چو مے آنکہ عشرتِ عالمے زگداز خود طلبیدہ، من

تو لا صد چمن طربِ نمو، من و شنجے نگہ آبرو — یہ بہار عالم رنگ و بو، ہمہ جلوہ تو، ہمہ دیدہ مَی

زہو اور آپ بصد رنگ گلستاں ہونا (غالب)

اب آپ اور شادانی صاحب یہ بحثیں کرتے رہیے کہ ان نازک خیالوں کا نتیجہ کیا ہے، فرضی باتیں ہیں، ہوائی محل ہیں۔ میں تمام شاعری اسی کو نہیں سمجھتا لیکن اعلیٰ نازک، لطیف شاعری ضرور سمجھتا ہوں۔

بہر حال نازک خیالی اسی طرز میں منحصر نہیں ہے بالکل سادہ جذباتی اشعار میں بھی نزاکت اور لطافت ہوتی ہے اور ان خیال آرائیوں سے زیادہ لطف اور پر اثر ہوتی ہے۔ لیکن نازک خیالی کی تعریف متعین کرنا مشکل ہے جیسے خود شعر و شاعری کی تعریف آج تک نہ ہو سکی۔ دیکھئے آپ نے مومن کا وہ شعر ناپسند کیا تھا۔

کرۂ خاک ہے گردش میں تپش سے میری
میں وہ مجنوں ہوں کہ زندان میں بھی آزاد رہا

اور میں نے بھی آپ کی ناپسندیدگی پر صاد کیا تھا لیکن بعض لوگ اسی کو نازک خیالی سمجھتے ہیں۔ اسی طرح مومنؔ کا یہ شعر ہے ۔

اس جوش تپش پر ہوئی مشکل سے رسائی
صد شکر گزر غیر کا تا بام نہ ہوگا

اس میں مومنؔ کا پیچ و خم بھی ہے، لیکن نہایت لغو مضمون اور تخیل ہے۔ ممکن ہے بعض اس پر سر دھنتے ہوں تو یہ اپنے اپنے ذوق کی بات ہے۔ خود بیدلؔ اور غالبؔ نے جن کو میں نازک خیال کہتا ہوں، لغویات بھی فرمائی ہیں۔

# کلامِ بیدل

# پر

# ایک اڑتی ہوئی نظر

(از مسٹر آصف علی ، بیرسٹر ایٹ لا و ممبر سینٹرل لیجسلیٹو اسمبلی)

## شخصیت:

حضرت مرزا عبدالقادر بیدلؔ نے غالباً نوے برس سے زیادہ عمر پائی اور غالباً شاہجہاں سے لے کر شاہ عالم اول تک کا زمانہ دیکھا، شمالی ہند مین دور دور سیاحت کی، علماء وصوفیاء درویشان گلیم پوش، شعراء اور حکماء ہندی کی صحبتوں میں بیٹھے۔ رئیسوں، امیروں اور وزراء تک سے آزاد منشانہ تعلق رکھا، اور جب انتقال فرمایا تو ولی شمار ہوئے اور ان کے مزار پر سالانہ عرس ہونے لگا۔ اس موقع پر دلی کے عقیدت مند ان کے عرس میں شریک ہوتے تھے اور دور دور سے بھی معتقدین حاضر ہوتے تھے۔ شعراء اپنا بہترین کلام نذر کرتے تھے اور القاو الہام کے لیے ان کی روح مبارک سے امیدِ دعا رکھتے تھے۔

بیدلؔ نے نثر و نظم کا ایک معقول ذخیرہ چھوڑا ہے۔ نکات بیدلؔ، رقعات بیدلؔ، دیوان، اور چہار عنصر مطبوعہ ہیں، اور ان کے علاوہ نہ معلوم کتنا ذخیرہ اور ہوگا جو دستبرد زمانہ نے ناپید کر دیا، گو مثنوی طور معرفت اور گل زرد کے قلمی نسخے موجود ہیں۔ کل نثر و نظم فارسی میں ہے۔ نثر عموماً مقفیٰ و مسجع اور رنگین ہے، اور نظم مضمون آفرینی اور نازک خیالی کا سرچشمہ ہے۔

ایک موقع پر ۱۱۰۰ھ کے قریب ایک صناع انوپ چتر نامی نے ان کا ایک مرقع بھی بنایا تھا، جس کا عنصر چہارم میں انھوں نے خود ذکر کیا ہے۔ خدا جانے وہ مرقع کیا ہوا اور اب کہیں ہے بھی یا نہیں۔ اس نقاش کی بہت کچھ تعریف کرتے ہیں اور مانی و بہزاد

سے اسے نسبت دے کر خود اپنے مرقع کو دیکھنے کے بعد ان الفاظ میں کیفیت ادا کرتے ہیں۔

.....کہ صورت ایں عجز سرشت ناچار بر صفحہ اثر نقش بست۔ کیفیتے منظور تماشا گر دید کہ تحقیق در برابرش شبہ می پیمود، و آئینہ در مقابلش عکس می نمود۔ بہ تفتیش تفاوت امتحانے شعور ہر چند تامل می پرداختم شخص خود را از اں تمثال باز نمی شناختم۔

خوف ہے یہ کہ یہ مرقع اب نایاب ہے اور اگر ایسا ہے تو کتنا غضب ہے۔ ان کے حالات جتنے ان کی نثر میں موجود ہیں اگر ان ہی کو ایک جا جمع کر دیا جائے تو ایک مکمل سیرت مرتب ہو سکتی ہے۔

## نقد و نظر کی معذرت:

ان کی نثر و نظم کے نقد و نظر کے لیے تو وہ نظر درکار ہے جس سے میں عاری ہوں، مگر محدود فرصت کے پیش نظر وقتاً فوقتاً جو اشعار نگاہ سے گزرے اور دل میں چبھے پیش کرتا ہوں۔ ہر استاد کے کلام میں بہتر چھوڑ بہتر سو نشتر موجود ہیں، مگر ہر نظر اپنے لیے جدا جدا انتخاب کرتی ہے۔ اس لحاظ سے میرا انتخاب ظاہر ہے کہ میری طبیعت کی مناسبت سے ہی ہوگا۔ گو یہ کہہ دینا ضروری ہے کہ اس شخص کے لیے جو ان کے ہر شعر کو مغز سخن تصور کرتا ہو، انتخاب بڑا دشوار ہے۔ صرف اتنا ہی کہا جا سکتا ہے کہ اس بحر دخار میں سے چند موتی یہاں پیش کر دیے گئے ہیں، باقی تو غوّاصان ذوق پر منحصر ہے، وہ جتنے چاہیں انبار لگا دیں۔

## بیدلؔ کا فکر بلند:

بیدلؔ کی نثر سے زیادہ نظم، عبارت آرائی سے زیادہ شعر اور شعر سے بڑھ کر فکر حقیقت و معانی کا رازدار ہے۔ بحور جدید، ترنم الفاظ، اور رقص صوت، نیز نئی ترکیبوں اور استعاروں کے وہ استاد کامل ہیں۔ کونین اور مابعد الکونین کا ایک مکمل نقشہ ان کے دل کے آئینہ میں

جمال آرا ہے، زندگی کے پیچ در پیچ راہوں سے گزر چکے ہیں۔ کائنات عالم کے ہر نقاب کو اُٹھا کر جمال مطلق کا نظارہ کر چکے ہیں۔ اعیان وصور کے پردے اٹھا چکے ہیں، اور حیات و ممات، عدم و وجود، شہود وغیب، خالق ومخلوق کے ناپیدا کنار بحور سے بصیرت کے سفینہ کو صاف نکال کر لے گئے ہیں اور بالآخر سکون قلب کے خود بیں گرداب میں پہنچ کر جو کچھ کہتے ہیں علم الیقین سے کہتے ہیں۔ سرحد ادراک سے جو کچھ پرے نظر آتا ہے اسے اضافی عالم کبریٰ کا سرمایہ گردانتے ہیں۔

اس مقام پر پہنچ کر آفرینش وجود کی توجیہہ جو عنقائے ادراک ہے ان کے دام تفکر سے نہیں بچتی اور کس خوبی سے عطا کرتے ہیں۔

## آفرینش وجود:

چوں عدم ہستی خود اندیشید شبہ جمع آمد ودلش نامید
دل در شبہ میکشاید و بس آئینہ عکس می نماید بد و بس

مشرق ومغرب کے مفکرین، حکماء اور فلاسفہ نے ایک طرف اور خرد وعقل کے رقیب عشق حقیقی کے نقشبندوں نے دوسری طرف عدم ووجود کی حقیقت اور عالم کون وفساد کی توجیہہ پر صدیوں غور وخوض کیا ہے مگر حافظ تو یہ کہہ کر در میخانہ کھول دیتے ہیں۔

حدیث از مطرب و مے گو دراز دہر کمتر جو کہ کس نکشود ونکشاید بحکمت ایں معمہ را

مگر ویدانتیوں نے ''ہمہ اوست'' اور صوفیائے مشرق ومغرب نے بھی ''ہمہ اوست'' تک تو رسائی پالی، رہی آفرینش وجود، تو اس کا حال نہ کسی پر کھلنا تھا اور نہ کھلا۔ یہاں آکر ہر ایک ساکت وصامت ہے۔ اگر عدم تھا تو کیوں تھا اور وجود پیدا ہوا تو کہاں سے اور کیوں کر ہوا۔ عالم مکان وزماں، اعیان وصور اگر خالق مطلق کی ذات سے صفت کی نسبت رکھتا ہے، تو خود ذات کا وجود کہاں سے، کیوں اور کب آیا، اس قسم کے مسائل ہیں جو غور وفکر کرنے والے دماغوں میں آتے ہیں۔ جواب ملے یا نہ ملے، اور ظاہر ہے تسکین بخش جواب ملنا

ناممکن ہے۔ بے حقیقت انسان کا کرشمۂ مقدار دل ازل اور ابد اور ذات لامتناہی کے مسائل کو کس طرح حل کر سکتا ہے۔ مگر شاعروں کے دل و دماغ عام دل و دماغ کی بستیوں سے بالکل مختلف ہوتے ہیں۔ انھیں وہ کچھ نظر آتا ہے اور ان کا ادراک ان مقامات تک پرواز کرتا ہے جو عام لوگوں کی دسترس سے باہر ہوتے ہیں۔ مفکروں نے قدم و حدوث کا مسئلہ پیدا کیا۔ ذات باری تعالیٰ کو قدیم اور غیر حادث مانا اور کائنات کو حادث۔ مگر جن سوالات کے یہ جواب ہیں وہ پھر بھی تشنہ رہ جاتے ہیں۔ حقیقی شاعر وہ نہیں جس کی طبیعت صرف اتنی موزوں ہے کہ وہ صرف ترنم الفاظ اور رقص صوت کے مقفیٰ و موزوں نقشے تیار کر سکے۔ ایسے شعراء سے تو دنیا بھری پڑی ہے، اور ہمیشہ رہے گی۔ ان کا کلام بھی تفریح اور تفنن طبع کا باعث ہوتا ہے اور ان پر بھی درجے اور مرتبے ہیں۔ مگر حقیقی شاعر وہ ہے جس نے کائنات عالم کو اس طرح دیکھا کہ اس کی ایک مکمل تصویر اس کے سامنے ہے اور وہ عالم صغریٰ کے جز لایتجزیٰ سے لے کر عالم کبریٰ کی لامتناہی سرحدوں سے گذر جاتا اور حقیقت مطلق کو بے نقاب دیکھنے لگتا ہے۔ ایسے شاعر کے کلام میں ''حقیقتِ منتظر'' حسن و عشق کے نقابوں میں سے کیف مئے کی طرح، یا اس نور کی طرح جو فانوس زُجاجی سے باہر نظر آنے لگتا ہے۔ خود اپنے ساحل سے تلاطم امواج کی مانند باہر نکل آتے ہیں۔

بہر کیف بیدلؔ اس قسم کے شاعر، عارف، مفکر اور حقیقت بیں ہیں۔ اور سچ پوچھئے تو وہ شاعروں کے شاعر اور عارفوں کے عارف ہیں۔

جب بیدلؔ نے آفرینش وجود پر نظر ڈالی تو دیکھا کہ ہستی، سیلابِ نیستی کا کف، اور وجود، بحرِ عدم کا گرداب ہے۔ ہستی کے ہر دونوں طرف عدم نظر آیا۔

دو سرابوں میں گرد تخیل، دو خوابوں کے بیچ میں ایک بیداری اور بالآخر عدم کے دل میں ایک شبہ نظر آیا چنانچہ یہ سراغ لگا لینے کے بعد انھوں نے آفرینشِ وجود کی وہ توجیہ کی جو اوپر قلم بند کی گئی۔

کتنی نازک بات کہی ہے کہ جب عدم نے اپنی ہستی پر غور کیا تو شبہ پیدا ہوا اور اس کا نام دل

رکھ دیا اب دل کا کام صرف اتنا ہے کہ وہ شبہ کا دروازہ کھول دیتا ہے اور یہ دل بیچارہ جو آئینہ ہے صرف عکس دکھا دیتا ہے اور بس۔ اس کوزے میں فکر کے بحور در بحور بند کر دیے ہیں اور کائنات کے وجود کا وہ نقشہ پیش کیا ہے جسے عالمِ امثال کا بہترین مرقع گردانا جا سکتا ہے۔ فلسفہ و حکمت، فکر اور خیال اس سے آگے اور کہاں جائیں گے۔

جب خود عدم کے دل میں شبہ کے پھول کھلنے لگے تو ظاہر ہے کہ چمن وجود نے جنم لے لیا۔ باقی وہاں دھرا کیا ہے۔ محض ایک بے صوت و صدا آئینہ جس میں عدم کا عارضی عکس آ جاتا ہے۔ وجود و شہود مستعار عکس ہیں جن کا منبع جمال عدم و غیب ہے۔

پھر اسی حقیقت کو ایک اور لطیف پیرائے میں ادا کیا ہے۔ فرماتے ہیں:

موج اقبال تو در گرد عدم پر می زند　　قلزمی اما بروں از خود تلاطم کردہٗ

سبحان اللہ! اس نازک خیالی کا کیا جواب ممکن ہے۔

## ہستی بشر:

یہاں پہنچ کر جو اپنی طرف نظر ڈالی تو ایک اور کیفیت دکھائی دی۔ یعنی ہوں بھی اور یہ ہونا نہ ہونے کے برابر ہے پھر آخر ہے کیا؟ وہی شبہ؟ مگر آخر ہوں کہاں؟

نہ خاک آشنانم نہ چرخ آشیانم　　پرے میفشانم کجایستم من؟
اگر فانیم چیست ایں شور ہستی ؟　　اگر باقیم از چہ فانیستم من؟

سخت حیرانی اور پریشانی کا مقام تھا۔ اقبال بھی اس مقام پر پہنچ کر ششدر رہ گئے تھے اور مجبوراً کہہ اٹھتے تھے۔

"یہ جہاں عجب جہاں ہے نہ قفس نہ آشیانہ"

مگر بیدلؔ نے جب مزید غور کیا تو کہنا پڑا۔

جہاں کو بسامان ہستی بنازد　　کمالم ہمیں بس کہ من نیستم من

مسئلہ یہاں ختم نہ ہوا تو ایک اور زاویۂ نگاہ سے نظر ڈالی اور فرمایا۔

بیداری میان دو خوابست ہستیم　　گرد تخیل دوسرایست ہستیم
از لطمۂ دو موج حبابے دمیدہ است　　یعنی طلسم نقش برآب است ہستیم
مغلوب آفتاب چو شد سایۂ سایہ نیست　　اندیشۂ کہ در چہ حساب است ہستیم ؟
روشن نہ شد ز نسخۂ من جز سواد وہم　　مضمون حیرتے چہ کتاب است ہستیم؟
سرمایہ وقف غارت و امید محو یاس　　یارب چہ جنس خانہ خراب است ہستیم

آخر جب یہ سمجھ میں آ گیا کہ یہاں تو صرف شبہ ہی شبہ اور عکس ہی عکس ہے تو دل کی طرف نگاہ گئی کہ اگر آئینہ ہوسکتا ہے تو وہی جس میں یہ عکس ہے۔ ہر چیز جو حواس کے دریچوں سے یا ادراک کے نابدان سے عکس پذیر ہوتی ہے تو دل میں تو گویا کائنات عالم اور قلم روئے خیال دونوں کا راز دار دل ہی ہوا۔ حقیقت گرداگرد موجود ہے اور اس کا عکس دل میں ہے۔ پھر کیا تھا۔ معاملہ صاف تھا۔ فرمایا ؎

اول دلم داد تا بخود نگرم　　من ہم آئینہ در کفش دادم

بھلا اس سے اونچا اور لطیف تر شعر کیا ممکن ہوسکتا ہے۔ انھوں نے تو مجھے خود آپ پر نظر کرنے کے لیے دل عنایت کیا تھا۔ مگر بھلا میں کب چوکنے والا تھا۔ میں نے ان کے ہاتھ میں آئینہ دے دیا کہ میں کیا دیکھوں، آپ اپنا جمال جہاں آرا ملاحظہ فرمالیجیے، یعنی اپنی طرف بھی دل میں دیکھا تو وہی حسن لایزل وہاں بھی عکس پذیر تھا۔ شاید یہی مقام تھا کہ جس نے حلاج کو چکا چوند کر دیا تھا اور وہ بیچارے عکس کو ہی انا الحق کہہ اٹھے تھے۔ مگر ابھی انجمن میں باریابی نہیں ہوئی تھی چنانچہ بیدلؔ نے جب دل سے دریافت کیا کہ ''انجمن کبریا'' کہاں ہے تو جواب ملا۔ ''ہمیں یک قدم بروں غرض۔''

سراغ انجمن کبریا ز دل جستم　　طپید و گفت ''ہمیں یک قدم بروں غرض''

یہ پتہ مل جانے کے بعد تو معاملے کی صورت ہی دوسری ہوگئی۔ جس طرف نگاہ ڈالی وہی وحدت نظر آئی اور ان کی حالت یہ تھی کہ پرکار کے خط کی طرح گرداگرد پھرتے تھے۔

## وحدت کا نقش اول:

چرا خط پر کار وحدت نباشم؟ بگرد دل خویش گردیدہ بودم!

چنانچہ اس وحدت الوجود کے جلوے کی بہار تھی صرف آنکھ اٹھانا شرط تھا۔

بسکہ عالم بہار جلوۂ اوست بر رخ اوست ہر کجاست نگاہ!

اس حالت کو پہنچنے کے بعد اس کے سوا چارہ کیا تھا کہ فرمائیں۔

عالم یکتاست ایں جا معرفت درکار نیست خود سریہا فہم مارا در گماں انداختہ

شمع خلوت گاہ یکتائی بفانوس خیال کردہ مژگاں باز و آتش در جہاں انداختہ

مگر یہ کیفیت پیدا کہاں سے اور کیوں کر ہوئی؟ اس طرح کہ ۔

فکر خویش ست سر انجام دو عالم بیدلؔ ہمہ کردیم اگر سربگریباں کردیم!

اور اس فکر کی بدولت کیا کیا حیرت انگیز نقشے نظر میں آنے لگے۔ کیسے کیسے دقیقہ آفریں، اور نزاکت آگیں خیال کے دام پھیل گئے، کہاں کہاں سے عنقائے حقیقت آ آ کر پھنسنے لگا۔ ذرا اس شعر کو ملاحظہ کیجئے ۔

ہیچ موجے از کنار ایں محیط آگاہ نیست می روم بیروں ز خود تا ساحلے پیدا کنم

اللہ اکبر کیا پرواز خیال ہے، کیا حوصلہ ہے، یعنی اس جرات کو دیکھئے کہ دنیا نے جسے بے کراں بنا رکھا تھا اس کا کنارا پیدا کر دیا اور ظاہر ہے کہ محض یہ خیال کر لینا کہ خود سے باہر نکلا جا سکتا ہے ایک ساحل پیدا کر دیتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں مفکر اور فلسفی پہنچتے ہی ذات لامتناہی کو بھی سرحدوں کا مقید پاتے ہیں۔ ذات کا صفات سے متصف ہونا ہی ایک کیا کروڑہا سرحدیں تیار کر دیتا ہے مگر وہ ان سرحدوں سے بھی آگے نکل گئے۔

''می روم بیروں ز خود تا ساحلے پیدا کنم''

اور اس راہ سے جو چلے تو پھر کیا تھا۔

یک تار مو کہ از سر دنیا گذاشتہ صد کہکشاں بر اوج ثریا گذشتۂ

کیا ٹھکانا ہے! اور یہی نہیں بلکہ

جمعیت اصول ہماں ترک جستجو منزل دمیدۂ اگر از پا گذشتہ

اور اس سلسلے میں شوق کا عالم دوسرا تھا۔ ترک جستجو کیسی۔ وہاں تو شوق کا مکتوب تیار تھا اور نامہ بر کی ضرورت تھی چنانچہ فرمایا ؎

مکتوب شوق ہرگز بے نامہ بر نباشد باید ز خویشتن رفت قاصد اگر نباشد

کیا پاکیزہ شعر ہے۔ سبحان اللہ۔ یہاں عشق معرفت نے حیات اور موت میں ایک نیا رشتہ قائم کر دیا۔ اب چاہے اسے حیات و ممات کا رشتہ سمجھئے یا ہوشیاری اور بیخودی۔ سلوک و جذب یا عقل و عشق کا مگر ''باید ز خویشتن رفت'' میں ایک عالم بس رہا ہے۔

## تحیر کے بعد بے بسی مگر ناز کے ساتھ:

غرض کہ شوق نے راہیں کھول دیں اور اب عالمِ اعیان سے عالم صور کی طرف متوجہ ہوئے۔ دنیا کو دیکھا، دنیا کے کارخانے کو دیکھا اور جدھر نظر پڑی وہ عالم تحیر تھا مگر اس تحیر میں بجز بے بسی اور بے لطفی اور کیا ممکن ہو سکتا تھا۔ آئینہ وار آنکھیں کھلی ہیں مگر بجز حیرت کے اور کچھ سامنے نہیں۔ فرمایا

در تحیر لذت نظارہ نیست دیدۂ آئینہ بیدار است و بس!

اور تعجب سب سے زیادہ یہ کہ حسن لازوال اگر صید ہی کرنے نکلا تھا تو نگاہِ عشق کیا ایک مشت خاک ہی پر گئی؟ یہ تو باعثِ ننگ ہے! عرق عرق ہو گئے اور کہنے لگے کہ شاید یہ نادانستہ کیا گیا مگر کس قدر حیا کا مقام ہے!

مشت خاکم عشق نادانستہ صیدم کردہ است اے حیا آبم بکن، از ننگ صیادم مپرس

چنانچہ حیرت بڑھ گئی کہ ماجرا کیا ہے! حسن کی نمود ہے بھی اور پھر وہ بھی اس طرح کے جیسے شرر کا ایک لمحے کے لیے آنا اور جانا

برق نمودت آمد و رفت شرار داشت روشن نہ شد کہ آمدۂ یا گذشتۂ!

اور یہاں سے اس ''آمدہ یا گذشتہ'' کے مضمون نے جو انفرادی حالت میں شکل اختیار کی تو عالم مجبوری و معذوری سے بے بس ہو کر کہنے لگے۔

کجا خلوت و انجمن دیدہ؟ نو شمعے ، ہمی سوختن دیدہ!

اور اس فنا کے جھونکے سے شمع زیست کے بجھ جانے کی حالت جب سامنے آئی تو کہا۔

مانند شرر دانۂ بے حاصل مارا ناکاشتہ دیدند سزاوار درودن

کیا حسرت ہے۔ کیا بے بسی ہے اور اب کارروانِ زیست کی گھات میں خود منزل سر راہ نظر آنے لگی۔

در کمینِ کارواں خفت است منزل سر براہ بسکہ پیچ و تاب حسرت در نفس خوں کردہ ام

اور اب چارہ ہی کیا تھا یہی کہتے بن پڑی۔

ایں قدر جہدم بذوق نشۂ عجزات پس ہمچو پرواز از شکست بال می خواہم پناہ

## جبر:

بلکہ اس سے بھی جب معاملہ آگے نکل گیا تو فرمایا

گر سلامت خواہی از دست تظلم دم مزن دادرس در عہد ما سنگ است و مینا دادخواہ

دنیا الٹ گئی۔ دنیا میں پتھر مینا کو توڑتا ہے اور اگر خود پتھر ہی دادرسی کرنے لگے تو بے چارے مینا کی دادخواہی معلوم، جبر کی اس سے زیادہ اور کیا صورت ہوگی۔ اب سوائے صبر کے اور کیا چارہ ممکن ہے۔ مگر صبر آسان نہیں۔ ان کے صبر اور..... نے اُن کے شرار کو پتھر بنا دیا۔ یہاں انھوں نے صنعت کی دنیا الٹ دی۔

کسے یارب مباد افسردۂ نیرنگ خودداری! شرارم سنگ شد از کلفت صبر آزمائیہا!

## تسلیم و رضا بر قضا:

صبر کیا مگر رضا بر قضا اور تسلیم اس قدر جلدی کہاں سے پیدا ہو جائے۔ ابھی تو مقام حیرت میں ہزار ہا سوال پیدا ہوں گے، لاکھوں نقاب اٹھیں گے جب کہیں تسکین قلب کی راہ نظر آئے گی۔

پہلے تو فنا کا ہولناک باب سامنے ہے اس سے گذر لیں تو کہیں کچھ نظر آئے؟ عالم یاس میں فرمایا۔

نخل آہے ہمہ تن یاس بہار آمدہ ام　　فرصتے سوختہ بردوش شرار آمدہ ام
بودہ خاشاک من آوارۂ گرداب عدم　　از پئے سوختن اکنوں بکنار آمدہ ام
محرم عہد ازل کیست؟ کند آگاہم　　کہ دریں غمکدہ از بہر چہ کار آمدہ ام؟

پھر غور کیا، ہر پہلو سے سوچا، ابتدا اور انتہا پر نظر ڈالی اور بس اتنا سمجھ میں آیا کہ کچھ سمجھ میں نہ آیا۔

اولت ہیچ و آخرت معدوم!　　وسطِ اندیشہ ہائے نا مفہوم!

اور پھر رہ رہ کے خیال آیا کہ کیا آفت ہے، جلتے بھی ہیں اور ختم نہیں ہوتے، اس سے زیادہ درد ناک اور کیا منظر ہوسکتا ہے جو پروانے پیش کرتے ہیں۔

کس چو پروانہ درد ناک نہ سوخت　　کہ بہ آتش رسید و پاک نسوخت

ایک اور سمت میں نظر گئی تو ایک اور یاس انگیز منظر سامنے تھا، اور کوشش کے ناتمام رہنے کا نقشہ پیش ہوتا تھا۔ اپنی کوشش اور اس کی ناتمامی یاد آئی۔

نوحہ بر پرواز دارد کوشش ما چوں سپند　　کز گداز بال و پر وا میشود منقارِ ما!

یعنی اگر حقیقت یہی ہے کہ کوشش اس دن اور اس وقت کامیاب ہونے کے قریب پہنچے کہ جب سروسامان ختم ہوئے تو بجز نوحہ کے اور کیا رکھا ہے؟

اس کیفیت سے دل نہ ٹوٹے تو کیا ہو اور ٹوٹے ہوئے دل کا حال نہ پوچھئے کہ

از شکست دل گذشتن سہل نیست　　کیں بیاباں نیشتر زار است و بس

اور زندگی بھر کا یہی عالم ہے کہ

زندگانی نیش آزار است و بس　　غنچۂ دل را نفس خار است و بس

کیا کیا تکلیف اٹھائی ہوگی، کیا کیا اذیت پہنچی ہوگی۔ اور فنا ہر ہر قدم پر موجود ہے آنسو کو دیکھا تو اس سے سبق لیا۔

یک قدم راہ است بیدلؔ از تو تا دامانِ خاک　　بر سر مژگاں چو اشک استادہ و ہشیار باش

بلبلہ کی طرف دیکھا تو اس نے کچھ اور ہی سنایا

حباب امروز دست از موج ہستی شستہ میگوید　　کہ "طاق عمر چوں بشکست نتواں کرد تعمیرش"

یہی نہیں بلکہ محرم راز نے بھی کہا۔

مرغے کہ شود محرم پرواز خیالش　　مقراض بریدن شود افشاندن بالش!

اور بار بار حباب پر نظر ڈالی تو یہی دیکھا کہ اس کی اور اپنی حالت یکساں ہے ادھر آنکھ کھلی اور خواب فراموش ہوا۔

چشم پوشیدہ بخود ہمچو حبابم سفریست　　دیدہ گر باز کنم خواب فراموش خودم

اس حالت میں زاری و بکا کے سوا کیا کرے۔ آنسو کے بیج کی طرح آنکھ کے پانی سے ان کی نشو نما ہونے لگی۔

بود نشو نمائے طینت من از گداز دل　　چو تخم اشک نومیدی بآب دیدہ می رویم!

آخر معتکف ہو گئے تو نئے دروازے کھلنے شروع ہوئے اور تسلیم کا مقام شروع ہونے لگا کیونکہ اب یہ تو ظاہر ہو گیا کہ قطرہ ایک دفعہ گوہر ہو جائے تو پھر اس کا سمندر میں مل کر سمندر ہو جانا ممکن نہیں۔

چوں بعزلت خو گرفتی فکر آزادی مکن　　آب گوہر گشتہ نتواند شدن دیگر محیط

مگر غور کیا تو یہ بھی سمجھ میں آیا کہ یہ سب کچھ اپنی کوتاہ ہمتی ہے

ہیچ سنگے در رہ جولان ایں معنی نبود　　کوششِ ما پائے در دامن کشید و لنگ شد

یعنی ابھی تسلیم کا مقام دور ہے۔ شبہ اور شک بار بار دل میں پیدا ہوتا ہے۔ انڈے کی طرف دیکھا تو وہی نقشہ پایا جو بعد میں غالب نے بھی ایک اور لطافت کے ساتھ باندھا ہے۔

بر پر افشانی نہ تنہا بیضہ تنگی میکند　　بال و پر ہم بر ہجوم بیضہ خواہد تنگ شد

حضرت غالبؔ ایک قدم آگے نکل گئے اور کہا

بیضہ آسا تنگ پیراہن ہے یہ کنج قفس　　از سر نو زندگی ہو کر رہا ہو جائے ہے

اور اب طرح طرح کے خیال دل میں آنے لگے۔ ہر طرف راہیں کھلنے لگیں فرماتے ہیں۔

ہستی ما نیست بیدلؔ غیر اظہار عدم　　تا خموشی پردہ بررخ بر فگند آواز بود!

اور یہی نہیں بلکہ

در بحر چو گوہر نتواں چشم کشودن　　امروز کہ گوہر بکنار است بہ بیند

پرواز خیال نے اس سے بھی آگے کا تقاضہ کیا۔

راحت جاوید در ضبط عنان آرزوست　　بال و پر گر جمع گردد آشیانے میشود

یہاں بھی خیال نے پتی دیکھی اور کہا۔

بلند یہا بہ پستی متہم شد از تن آسانی　　براحت گر نہ پرواز دازمیں ہم آسماں دارد

یہاں تک اڑ نکلنے کے بعد جو دیکھا تو بجز پریشانی کے اور کیا رکھا تھا چنانچہ فرمایا۔

دادہ ایم از حاصل اسباب جمیعت بباد　　مرغ مارا جز پریشانی زبال و پرچہ حظ؟

اس پریشانی پر بھی ایک دفعہ دماغ نے کہا واہ، کہاں مشت خاک تھے اور اب صحرا ہو گئے۔ شکر کرو۔ چنانچہ بیچارے ایک دفعہ تو اس فریب میں آ گئے اور فرمانے لگے۔

بیدل از شکر پریشانی چساں آیم بروں　　مشت خاکے بودم، از آشفتگی صحرا شدم

## قناعت تسلیم کا دروازہ:

مگر جب خیال کی پرواز نے بھی حقیقت کے آسمان تک نہ پہنچایا تو قناعت کی طرف جھکے۔

سیر چشمی ذرۂ مہر قناعت بودن است　　پیش مردم اندک و در چشم خود بسیار باش

بایں ہمہ فرصت عمر کی کمی نے پریشان کیا تو پھر بے صبر ہوئے اور کہا۔

من نمی گویم زیاں کن یا بفکر سود باش　　اے ز فرصت بیخبر در ہر چہ باشی زود باش

قلمرو امکان کو ڈھونڈنا شروع کیا، کہ شاید وہاں بقائے عیش ہو مگر استغفر اللہ۔

عنقا ست در قلمرو و امکاں بقائے عیش　　کاینجا بہاررا قفس از رنگ و بو کنند

## بے تعلقی:

آخر دل نے راہ دکھانی شروع کی اور بتایا کہ دام تعلق سے بچو تو کہیں کچھ نظر آئے۔ مگر یہ کون سی آسان منزل ہے فرماتے ہیں۔

ببال ہمت از دام تعلق جستہ ام لیکن　　نمی افتد شکست خویشتن چوں موج از دوشم

کتنا لطیف، خوبصورت اور مسکت شعر کہہ دیا ہے۔ موج کی مثال کس درجہ برجستہ ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں تین ہزار برس پہلے حکیم ہراقلطس پہنچا تھا، یعنی حقیقت ایک سیلاب موج سے زیادہ نہیں جس میں زمان و مکاں دونوں اعیاں وصور کی موج تلاطم خیز میں بہے جارہے ہیں، ہر ایک دام تعلق سے بھاگ نکلنے میں مصروف ہے۔ مگر موج ٹوٹتی ہوئی بھی نظر آئے تو اس کی شکست اس کے کندھوں پر سوار رہتی ہے۔ اس میں علم کائنات اور انفرادی زندگی سب کی سرگذشت آلی۔ مگر یہی وہ مقام ہے جہاں پہنچ کر دل و دماغ میں ایک نئی روشنی پیدا ہوتی ہے۔

دل چو آزاد　از تعلق شد منور میشود　　قطرہ چوں از موج دامن چید گوہر میشود

اور اس بے تعلقی نے معراج معرفت کی راہ پر ڈال دیا، اور اب جو آگے بڑھے تو اس طور سے کہ

موج ما خشک ازیں بحر پر آشوب گذشت　　ہمچو نظارہ کہ از دیدۂ تر میگذرد

کتنی پیاری مثال دی ہے۔ آنسو بھری آنکھ میں سے بھی نظر صاف اور خشک نکلتی ہے۔ بے تعلقی ہو تو ایسی اور آشوب حوادث سے دامن بچا کر نکلے تو اس طرح۔ مگر یہ کام ہمت کا ہے، چنانچہ اس آزاد ہمتی کا نقشہ بھی ملاحظہ ہو۔

ہمت آزادہ را بیدل رہ و منزل یکیست　　نغمہ را در جادہ ہائے تار می باشد مقام

یہی کیفیت ان کی تھی کہ تار حقیقت کے راستے کھلے پڑے نظر آئے اور انھوں نے دیکھا کہ ان کی روح کا نغمہ ہر تار میں موجود بھی ہے، اور رو بہ پرواز بھی، اب سر جھکایا اور گردن تسلیم خم کی

اور سر بگریباں تسلیم ہونا تھا کہ جلوہ سامنے تھا۔

## تجلی:

مگر جو کچھ نظر آیا اس نے کیا کیفیت پیدا کی، اس کا حال بھی سن لیجئے۔ یہاں چوں و چرا کی گنجائش کہاں تھی۔ یہاں پہنچ کر تو کلیم بیہوش ہو گئے تھے۔ فرماتے ہیں۔

آں بہ کہ برق غیرت بنیاد و ما بسوزد  آئینہ ایم و مارا تاب نظر نباشد

کیا ہی خوب کہا ہے، جس زاویۂ نگاہ سے دیکھئے بیخودی کا تقاضہ ہے، اب یہ حیرت نہیں بلکہ سجدہ معرفت کی تیاری ہے۔ اور جلوہ سے ان کا جو حال ہوا وہ اس سے بھی زیادہ لطیف پیرایہ میں فرما گئے ہیں۔ کہتے ہیں۔

چہ پُرسی ز من لذت جلوۂ بیدلؔ  کہ در بیخودی جلوۂ دیدہ بودم

یہاں حضرت غالب کا ایک شعر یاد آتا ہے کیونکہ وہ جب اس مقام پر پہنچے تو ان کا حال دوسرا تھا۔ انھوں نے کلیم کو بھی خدا جانے کس غار کس مپرسی میں چھوڑ دیا تھا۔ وہ کہتے ہیں۔

کیوں جل گیا نہ تاب رخ یار دیکھ کر  جلتا ہوں اپنی طاقت دیدار دیکھ کر

سبحان اللہ۔

رفتہ رفتہ اب یہ حالت ہونے لگی کہ جل کر خاکستر ہونے پر بھی زبان حال سے فرماتے رہے

تو شمع بے نیازی ہا بر افروز  مگو خاکستر پروانہ ات کو؟

یہاں سے اب دوسرا عالم شروع ہو جانا لازم تھا۔ اب معرفت کے ساتھ ناسوت کی طرف عود کرنا لازم تھا۔ چنانچہ اب حقیقت کو ہر نقاب کے پیچھے دیکھنا شروع کر دیا اور اب جو جو عالم طاری ہوتے تھے ان کا ہر وقت اور ہر حال میں نقشہ بدلتا رہتا تھا، مگر اب یہ کہہ دینا دشوار نہ تھا۔

بخامشی ست چناں عہد دل کہ گر شکند  صدا ز شیشہ دلہائے ما جدا نشود

اللہ اکبر، شیشۂ دل چور بھی ہو جائے تو صدا نہ نکلے۔ مگر یہ دل بھی کون سا دل ہے۔

مدعا دل بود ، اگر نیرنگ امکاں ریختند　　بہر این یک قطرہ خوں صد رنگ طوفاں ریختند

اب جہاں پہنچ چکے تھے حقیقت صاف نظر آنے لگی تھی۔ نیرنگ امکاں کے نقشے اسی لیے تیار ہوئے تھے کہ ''دل'' پیدا ہو اور اسی ''دل'' کی خاطر جو بظاہر تو ایک قطرۂ خوں ہے، سو سو قسم کے طوفان بکھیرنے پڑے۔ اور ان طوفانوں کی نیرنگیاں بھی ملاحظہ ہوں۔

از گداز پیکرم درد تو گم گرد آشیاں　　شد ستم بر نالہ کاتش در نیستاں ریختند!

خیر اب تو نظارہ ہر وقت روبرو تھا، اور اس سے لطف اندوز ہوتے تھے مگر قیمت بڑی سخت ادا کرنی پڑی تھی۔

شبنم مارا دریں گلشن تماشہ مفت نیست　　صد نگہ شد آب تا یک چشم حیراں ریختند!

کیا ہی خوب کہا ہے۔

اور اس نظارہ کے مضمون کو صد ہا طرح بڑی ندرت اور انتہائی اپج سے باندھا ہے۔ یہ شعر ملاحظہ ہو۔

مقیدان تو از لذت گرفتاری　　ز چشم خویش چو نظارہ دام بردوشند

اس شعر کو جس گوشہ نگاہ سے دیکھئے ایک تازہ لطف دیتا ہے۔ کائنات عالم تماشا گاہ ہے اور قیدیٔ حیات کی لذت گرفتاری کو دیکھئے کہ نظارہ کی طرح یہ اپنی آنکھ کا جال لیے پڑا پھر رہا ہے۔ تلازمہ بدل کے پھر اسی مضمون کو ادا کیا ہے۔ فرماتے ہیں۔

مرا ایں آبرو در عالم پرواز بس باشد　　کہ از ہر چاک در خمیازہ شوقم قفس باشد!

## دہر محسوس و فانی پر ایک نظر:

اب اس دنیائے فانی اور عالمِ محسوس پر کونہ کونہ سے کھڑے ہو کر نظر ڈالنی شروع کرتے ہیں اور جدھر دیکھتے ہیں۔ حتیٰ کہ عرصۂ امکاں تک میں رقص بسمل دکھائی دیتا ہے۔ جس طرف دیکھئے یہ بزم اشک فنا کے رقص سے آراستہ ہے، شعر ہے۔

ذرہ تا خورشید بال افشاندن اشک فناست　　عرصۂ امکاں ز رقص بسملے آراستند

اور اسی مضمون کا ایک اور نقشہ پیش کیا ہے۔

بحر لبریز شکست از پیچ و تاب موجہاست　　آب میگردد دراں چشمیکہ مژگاں بشکند

بحر کائنات کیا ہے؟ صرف وہ ذخیرۂ آب ہے جو موجوں کے پیچ و تاب سے بنتی ہیں اور ٹوٹتی ہیں ''شکست'' سے لبریز ہے۔ یہ وہ آنکھیں ہیں جن میں پلکیں ٹوٹ کر پڑ گئی ہیں اور بے تحاشا ان میں پانی بھرا چلا آتا ہے۔ یہاں تک کہ بحر ذخار بھر گیا۔ خود بینی کی موج نے آنکھیں پیدا کیں۔ حیرت کی پلک ان میں ٹوٹ کر رہ گئی۔ آنکھ اشکبار ہو گئی اور پانی اتنا امنڈا کہ سمندر بن گیا۔ خیال ہے کہ بحر نا پیدا کنار؟ مگر ایک لمحہ ایسا نہیں تھا جو قائم رہے، ہر لمحہ آتا نظر آتا تھا اور اس سے پہلے کہ آپ کہہ سکیں کہ ''آیا'' گذر جاتا تھا۔ فنا ہستی کے حق میں ایسی ہی تھی کہ جیسے ''دل'' کے حق میں ہستی کا زنگار۔

## فنا کا نقشہ:

شعر ملاحظہ ہو۔

عرض ہستی زنگ بر آئینہ دل میشود　　تا نفس خط میشود، ایں صفحہ باطل میشود

کبھی آئینے کے آگے جاڑے میں سانس لے کر دیکھئے ابھی ایک باہر کا سانس ختم نہیں ہونے پاتا کہ وہ بھاپ جو آئینہ کو دھندلا کر دیتی ہے غائب ہونے لگتی ہے۔ غالباً ان کے پیش نظر یہی نقشہ تھا دل تو آئینہ ہے جس میں سب کچھ نظر آتا ہے مگر اس کا زنگار کیا ہے؟ ہستی! نفس ضبط ہونے نہیں پاتا کہ ہستی ختم۔ اور ایک اور گوشہ سے کھڑے ہو کر ذرہ دیکھئے کہ جوں جوں بخیہ گر آگے بڑھتا جاتا ہے، تاگہ سوئی میں چھوٹا پڑتا جاتا ہے۔ اور یہی کیفیت چاک عدم کے رفو گر کی ہے کہ تار نفس آخر سوئی کے ناکہ تک آجاتا ہے۔ اور یہی حال راستہ کا ہے کہ مسافر کی رفتار کے ساتھ چھوٹا ہوتا چلا جاتا ہے۔

بر سر آمد مدت عمر از تگ و پوی نفس　　رشتہ چوں رہ کوتہ از رفتار سوزن میشود

## عدم پر نگاہ ڈالتے ہیں:

عدم کو جس جس زاویۂ نگاہ سے دیکھا ہے اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ ہستی حقیقت میں غریب الوطنی ہے اور وجہ آسائش ہیں فرماتے ہیں۔

میر دم آنجا کہ جز محروم گشتن چارہ نیست　　کاروان خاشاک در باراست و منزل آتش است

یا پھر اسی غزل میں کہا ہے

از عدم دوری جہانے را بداغ وہم سوخت　　محو دریا باش اے گوہر کہ ساحل آتش است

یہ درست ہے کہ دو مصرعوں میں دو مختلف الصنف استعارے استعمال کیے، مگر مدعا حاصل ہے۔

گوشۂ امنے ز چشم بستہ دارم چوں حباب　　گر نظر وا میکنم بر خویش سیلاب من است

بہت ہی خوب فرمایا۔ اور ایک اور ڈھنگ سے کالہ دانہ کی داستان سنئے۔

سوز شوقم مژدۂ آہنگ ساز بیخودی ست　　نالہ من چوں سپند افسانۂ خواب من است

مگر اس سب قصہ کا بہترین جواب ایک بے نظیر اور انتہا درجہ بلیغ شعر میں دے دیا۔

بہ ہستی تو امید ست نیستی ہارا　　کہ گفتہ اند اگر ہیچ نیست اللہ ست

یہاں حضرت غالب کا وہ مشہور شعر یاد آتا ہے

نہ تھا جب کچھ خدا تھا، گر نہ ہوتا کچھ خدا ہوتا　　ڈبویا مجھ کو ہونے نے نہ ہوتا میں تو کیا ہوتا

اور اس کا قدرتی نتیجہ یہ ہے کہ زبان سے یہ شعر ادا ہو۔

وحدت از خودداریٔ ما تہمت آلود دوئی ست　　عکس در آبست تا استادۂ بیرون آب

چنانچہ

بدل اگر برسی جستجو نمی ماند　　کہ حیرت است در آئینہ شوخی سیماب

مگر واقعہ کیا ہے؟

بلند است آنقدر ہا آشیان ما مگر بیدل　　کہ بے سعی شکست بال و پر نتواں رسید اینجا

اوراس کیفیت کے حاصل نہ ہونے پر فرماتے ہیں۔

علاج زخم دل از گریہ کے ممکن بود بیدلؔ　　بشبنم بخیہ نتواں کرد چاک دامن گل را

کتنا لطیف شعر کہہ دیا ہے۔

تادم مرگ جس طرف نظر اٹھا کر دیکھتے تھے راستہ ہی راستہ اور سفر ہی سفر دکھائی دیتا تھا۔

تا فنا در ہیچ جا آرام نتواں یافتن　　ہر چہ جز منزل دریں راہ است یکسر جادہ است

چنانچہ اس کے بعد اور کیا کہتے بجز اس کے کہ

چوں نگاہ چشم بسمل بے تعلق میروم　　قاصد بے مطلبیم و نامۂ ما سادہ است

اوراس کے بعد یہ کہنا بھی لازم تھا۔

ساز نومیدی اختیاری نیست　　خامشی نالۂ شکستہ تر است

کیا ہی پیارا شعر کہہ دیا ہے، خصوصاً نالہ شکستہ تر، کتنا خوبصورت ہے۔

چنانچہ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ زبان سے نکل ہی گیا کہ

کاش ہجراں داد من میداد گرو صلے نبود　　شمع تصویریم کہ از من سوختن ہم ننگ داشت!

مگر اس یاس اور ناامیدی کی انتہا بھی ہونی چاہیے۔ کوئی تو پرتو امید بھی ہو، چنانچہ طبیعت نے راہ دی اور فرمایا۔

دوریٔ کعبۂ مقصود ز خود بینی ہاست　　اگر از خویش کنی قطع نظر نزدیک ست

اوراس سے بھی آگے بڑھ کر۔

پرواز سایہ جز بسر بام مہر نیست　　از خود رمیدن تو بحق آرمیدن است

اگر چہ اپنی سعی کا جب تک خیال رہا کیفیت یہ تھی کہ

سعی ہستی، ہیچ مارا بر نیارد از عدم　　آتش ماہر کجا زد شعلہ جا در سنگ داشت

## استعارہ کے بادشاہ تھے:

حقیقت یہ ہے کہ استعارہ تو بیدلؔ کا غلام تھا۔ چمن کائنات کے ہر گوشہ سے گلدستہ بنا لیتے

تھے۔فرماتے ہیں۔

موج نکہت میفزاید آبروئے برگ گل　　رشتۂ شمع زباں تقریر روشن میکند

ان کی دنیا میں ہر چیز خواہ کتنی ہی خاموش نظر آئے زبان رکھتی ہے۔خوشبو پھول کی بولی ہے تو شعلہ شمع کی تقریر روشن اور تو اور بیاباں میں ان کے جنون سے راہیں بول اٹھتی تھیں اور غبار گیت الاپنے لگتا تھا۔

غبار ایں بیاباں نغمہ شد از بسکہ مجنونم　　بتار جادہ ہر نقش قدم مضراب می سازد

بھلا کوئی حد ہے۔اب ذرہ بے ہمتوں کا حال دیکھئے۔

بہرہ از صحبت نیکاں نہ برد دوں ہمت　　اشک تا سرحد بینش بدویدن نہ رسد

ہاں تو بھلا بیچارہ آنسو کی ہمت کیا وہ تو رخسار پر ہی ڈھل جاتا ہے رہی نگاہ تو اس کا کیا پوچھنا وہ تو پل مارتے افق اور آسمان کی گہرائیوں کو طے کر جاتی ہے۔اگرچہ نکلتے دونوں آنکھ سے ہیں۔یہاں سائنس کا گذر نہیں۔یعنی ہمیں اس بات سے واسطہ نہیں کہ نگاہ کیا ہے آیا آسمان اس میں سما جاتا ہے یا وہ آسمان سے جا کر ٹکرا جاتی ہے۔بیدلؔ نے تو صرف یہ دیکھا کہ ادھر آنسو اِدھر نگاہ دونوں خانۂ چشم سے نکلے مگر ایک بھاگتے بھاگتے رخسار پر سے ڈھل گیا اور دوسرے نے افق کی راہ لی اور ان کے ہاں شبنم کا عجب انداز تھا جس سے انھوں نے ایک نیا گل کھلایا۔کیا ہی مزے کا شعر ہے۔

ہوا بر برگ گل تمکین شبنم میکند حاصل　　نگاہ شوخ ماہم کاش بر رویش حیا گردد

دوسرا مصرعہ کیا کہہ دیا ہے۔

مگر ادھر تو نگاہ شوخ تھی کہ چاہتی تھی کہ محبوب کے رخ پر حیا ہو کر چھا جائے اور ادھر خود اپنا یہ حال تھا کہ

نظر برخویش وا کردن محال است　　اگر گوئی تغافل میتواں کرد

کہیں کسی درزی کو دیکھ لیا کہ جس کی سوئی کا ناکہ ٹوٹ گیا تھا تو انھیں ایک اور ہی مضمون سوجھ گیا۔

ما عاجزاں ز کوئے تو دیگر کجا رویم　　درپائے رشتہ ہا سر سوزن شکستہ ایم

ان کے شعلۂ ہستی کا بھی عجیب عالم تھا۔ ایک طرف وحشت پرواز تھی اور دوسری طرف جہاں اس کا پر گر گیا آشیاں تیار ہو گیا۔ فرماتے ہیں۔

چو شعلہ وحشت ما جملہ ساز عافیت است　　بہر کجا پر ما ریخت آشیاں گردید

شاید اس وجہ سے یہ کیفیت پیدا ہو گئی ہو کہ وحدت کے روبرو جو پہنچے تو بھول بھال کے آئینہ میں جمال دیکھنے لگے اور سراپا حیرت ہو گئے۔

## وحدت الوجود:

غفلت چہ فسوں خواند کہ در خلوت توحید　　برگشت نگاہم ز خود و آئینہ بیں شد؟

گویا اب وحدت الوجود کا راز صاف ہوا۔

اور اسی غفلت کے تقاضہ کا نتیجہ تھا کہ یہ کہہ گئے۔

جلوۂ ہستی غنیمت داں کہ فرصت بیش نیست　　حسن اینجا یک نگہ آئینہ بیں گردیدہ است

ورنہ جب غفلت سے فارغ ہوتے تھے تو فرماتے تھے۔

غافل مباش از دل یاس انتخاب من　　ایں قطرہ از گداز دو عالم چکیدہ است

بڑا بلند شعر کہہ دیا ہے۔ سبحان اللہ۔

اور یاس کا عالم صرف اس وجہ سے طاری تھا کہ عالم ہستی رفتنی و گذشتنی نظر آتا تھا جسے ہزار ہزار طرح ادا کیا ہے فرماتے ہیں۔

بہر چہ میری از خود گذشتنی دارد　　بہوش باش کہ امروز رفت و فردا نیست

کیونکہ۔

شمع زیں محفل سراغ گوشۂ امنے نداشت　　چوں نگہ خود را ہماں در چشم خود دز دید و رفت

رنگ آسائش ندارد نو بہار باغ دہر　　شبنم اینجا یک سحر بر برگ گل خندید و رفت

واہ واہ کیا بات کہہ دی ہے۔ اور آخر سوچ سمجھ کر اس نتیجے پر پہنچے۔

از تلاش عافیت بگذر کہ در دریائے عشق ہر کجا بیدست و پائی جلوہ گر شد ساحل است

مزید براں

شبنم صفت از بسکہ دریں باغ ضعیفم بر طائر ما بوئے گل پیچش دام است

## محنت سرائے دنیا:

دریں محنت سرا آئینہ اشک پریشانم کہ در بیدست و بے پائی مرا باید دویدا ینجا

کیا بیچارگی ہے مگر کیسی بے چینی اور مشقت ہے! اور اس بے بسی اور ناتوانی کا نقشہ کیا بنا ہے؟

جنون ناتواناں را خموشی میدہد شہرت بغیر از بو صدائے نیست زنجیرِ رگ گل را

مگر ساتھ ہی اس کے

بیدل از بال و پر بستہ نیاید پرواز غنچہ تا وا نشود جلوہ نہ بخشد بو را

اور کریں تو کیا کریں کہ آواز غائب ہے۔

نالہ ہا در شکن دام خموشی داریم خفتہ پرواز در آغوش شکست پر ما

پھر دل کو تسکین دی اور کہا۔

چوں شمع سر بلندی عشاق مفت نیست آخر بقدر سوختن است آبروے ما

مگر اس سے تسکین کب ہو سکتی ہے۔ ہر لحظہ اور ہر لمحہ بے بسی سامنے آجاتی ہے اور پریشان کرتی اور حیرانی میں ڈال دیتی ہے۔ کس خوبصورتی سے اس حالت کا نقشہ کھینچا ہے۔

چوں سیل بیخودانہ سوئے بحر میرویم آگہ نہ ایم دست کہ دارد عنان ما

یہاں حضرت محمد حسین آزاد کا وہ شعر یاد آتا ہے جہاں انھوں نے اس خیال کو ایک اور خوبی سے ادا کیا ہے۔

جہاز عمر رواں پر سوار بیٹھے ہیں سوار خاک ہیں بے اختیار بیٹھے ہیں

مگر اس کے ساتھ یہ بھی کہہ گئے۔

آہ از غبار ما کہ ہوا گیر شوق نیست　　یعنی بخاک ریختہ است آسمان ما

کیا ہی خوب کہا۔ یہی وہ سرحد ہے کہ جہاں سے اقبال کا کاروان خودی برق رفتاری سے آگے بڑھتا ہے اور آسمان سے بھی آگے نکل جاتا ہے۔ اقبال کہتے ہیں۔

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے　　خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

اور اس سے بھی آگے بڑھ گئے اور فرمایا کہ

فارغ تو نہ بیٹھے گا محشر میں جنوں میرا　　یا اپنا گریباں چاک یا دامن یزداں چاک

کیا ٹھکانہ ہے۔ اور خودی کے راہرو سے فرماتے ہیں۔

فضا تری مہ و پرویں سے ہے ذرا آگے　　قدم اٹھا یہ مقام آسماں سے دور نہیں

مگر حضرت بیدلؔ دوسرے راستے کی خبر دیتے ہیں وہ کہتے ہیں۔

از برگ و بار قافلہ بے خوداں مپرس　　بے نالہ میرود جرس کاروان ما

کیونکہ

بروئے چہرۂ بے مطلبی گردیدہ بکشائی　　دو عالم از رہ نظارہ برخیزد چو مژگاں ہا

اللہ اکبر کیا مقام ہے۔ کس کے مہ و پرویں اور آسمان یہاں تو دونوں عالم پلکوں کی طرح نظر کے راستہ سے ہٹ جاتے ہیں۔ خودی اور بے خودی۔ آرزو اور بے مطلبی میں کتنا بڑا فرق ہے اور اس کیفیت تک پہنچنے کے لیے کن کن مقامات سے گزر چکے ہیں۔

احتیاج خود شناسی جوہر آئینہ نیست　　من اگر خود را نمی دانم تو میدانی مرا

اور یہی نہیں کہ آئینہ دیکھنے والے سے جدا ہے۔ کیونکہ

دل وارستہ با کون و مکاں الفت نمیگرد　　کہ ہست ایں مصرعۂ برجستگی بیرون دیوانہا!

بہ ایں ہمہ حالت یہ رہی ہے کہ

بفرصت نگہے آخرست تحصیلم　　برات رنگم و بر گل نوشتہ اند مرا

مزید براں

قطرۂ ما تا کجا سامان خودداری کند　　بحر ہم از موج اینجا می شمارد گام ہا

مگر پھر رہ رہ کر وہی خیال آتا ہے کہ ہستی کو نیستی میں تلاش کرتے رہتے ہیں۔ کالے دانہ (سپند) کا دل پر بڑا اثر ہے اس کا جل جانا، اس کی آواز جو چٹکنے سے پیدا ہوتی ہے اور اس کے خاکستر تک سے شعر میں کام لیتے ہیں فرماتے ہیں۔

کمین نالہ در آریم در گرد عدم بیدلؔ ز خاکستر صداے رفتہ می جوید سپند ما

اس شرار جستہ کی خاکستر میں تلاش کرنے کا مضمون بالکل اچھوتا ہے جو اُن کے صدہا اور استعاروں کی طرح کسی دوسرے کو نصیب نہیں ہوا۔ اور قصہ صرف افراد پر ختم نہیں ہوتا بلکہ جمیعت کے مسئلہ پر نگاہ ڈالی تو وہاں کا بھی یہی نقشہ پایا۔

مباش آں غنچہ از اوراق گل مغرور جمیعت کہ ایں پیوستگی ہا در بغل دارد جدائی ہا

اور حقیقت تو یہ ہے کہ ایک اوراق گل پر کیا منحصر ہے۔ خزاں تو چمن کے چمن اور وادیوں کی وادیوں کو رہن سکوت کر دیتی ہے۔ حتی کہ اقوام عالم کے معاملہ میں بھی یہ بہار و خزاں، مد و جزر، زیر و بم کا نقشہ بدستور قائم رہتا ہے۔ منشائے کائنات تک نہ کسی کی رسائی ہوتی ہے اور نہ بظاہر ہونی ممکن ہے۔ بس صرف اتنا معلوم ہے کہ جتنا غالب نے کہہ دیا۔

پڑھتا ہوں مکتب غم دل میں سبق ہنوز یعنی یہی کہ رفت گیا اور بود تھا

مگر اس ''پریشانی'' کا نقشہ بیدلؔ کے مطلع دیوان میں کس خوبصورتی سے بندھ گیا ہے۔

نفس آشفتہ میداند چو گل جمیعت مارا پریشاں می نویسد کلک موج احوال دریارا

اور اسی غزل میں ایک اور ترکیب اور تلازمہ سے کام لیا ہے، اور خوب کہا ہے۔

کف خاکے ندارم قابل تعمیر خودداری جنوں افشاندہ بر ویرانہ ام دامان صحرا را

ان میں سے بیشتر اشعار دیوان میں سے اور کچھ دوسرے مقامات سے اخذ کئے گئے ہیں، مگر حالت یہ ہے کہ جدھر نگاہ ڈالیے، نکات پر، رقعات پر، چہار عناصر پر، مثنویوں پر، یا غزلوں پر شعر کا بحر ذخار ہے جو متلاطم نظر آتا ہے۔ اور بہ دقت ہی کوئی شعر ایسا ہے جو انتخاب کا تقاضہ نہیں کرتا۔ خدا جانے کس بلا کی آمد ہے، اور ازل نے کیا ترنم عطا کیا تھا کہ بیدلؔ نے دل کائنات کو مسخر کرنے کا سامان بہم پہنچا دیا ہے۔ ذرا اس شعر کو جو یوں ہی ورق گردانی کرتے ہوئے عنصر

اول میں نظر کے سامنے آ گیا، ملاحظہ کیجئے۔

حباب از بحرِ گوہر خیز نتواند نشاں دادن　　سراغ عالم دل از من بیدل چہ می پرسی

اس نظم کا ہر شعر جواہرات مین تولنے کے قابل ہے۔ مگر صرف دو تین شعر اور نقل کر دیے جاتے ہیں، گو جی نہیں مانتا، کہ سب ہی کیوں نہ پیش کیے جائیں۔ مگر اس بحر بیکراں کے موتیوں کا کوئی شمار ہے۔ کیا کیجئے۔ چننے والا تھک جائے اور دُر ہائے شاہوار کا ذخیرہ ختم ہونے میں تو کیا کم ہونے میں نہ آئے۔

خط و ہم نفس ناخواندہ با معنی چہ پردازم　　ہنوزم جادہ ناپیداست از منزل چہ می پرسی؟

طرف محوست در تحقیق اسرار حق اے غافل　　بہ حق ہم گر خطاب تست از باطل چہ می پرسی

نقاب و جلوہ ہر یک محو نیرنگ خودست اینجا　　ز لیلیٰ پرس حال لیلیٰ از محمل چہ می پرسی؟

کچھ تعجب نہیں کہ انتقال کے بعد پرانی دلی والوں نے انھیں ولی کامل سمجھا اور انکے مزار پر عرس ہوتا رہا کہ جس میں شعراء اپنا بہترین کلام سنایا کرتے تھے اور القا و الہام کی امید رکھتے تھے۔ فرماتے ہیں۔

گرد عجزم خوش خراماں سر فرازم کردہ اند　　سجدہ داری داشتم گردوں طرازم کردہ اند

از اول تا آخر وہی ایک مضمون ہے جسے ہزار ہزار طرح نظم و نثر میں ادا کیا ہے اور خود ہی فرما گئے ہیں۔

از ورق گردانے تجدید نیرنگی مپرس　　لطف یک معنی بعرض ہر عبارت دیگر است

اور اسی مضمون کو پھر دوبارہ تمام کائنات عالم، اور کثرت و وحدت پر منطبق کیا ہے۔

محرم نیرنگ شوخی ہائے کثرت نیستم　　ایں قدر دانم کہ ہر جا شخص وحدت دیگرست!

بہتر نکتہ، باسٹھ غزلیں، تینتیس رباعیاں اور متعدد قطعات و مثنویاں تو صرف 'نکات' میں ہیں۔ اس سے زیادہ رقعات میں اور ان سے کہیں زیادہ چہار عنصر میں۔ جو کافی ضخیم ہیں موجود ہیں اور ان کے علاوہ ایک ضخیم دیوان اور طور معرفت اور گل زرد مثنویاں ہیں۔

نثر میں حکیمانہ، فلسفیانہ اور بیشتر صوفیانہ مضامین ہیں۔ اور حکایتیں بھی ہیں۔ وحدت،

نبوت، ولایت، تصوف، حقیقت ومجاز، شہود وغیب، خلوت وجلوۃ، خموشی، شکایت زمانہ، عالم صورومعنی، آزادمنشی، کیفیتِ حسن جمال، حیرت، عبرت، حرص، عجز، خرد وعشق، فقر و امارت، بندگی وآزادگی، عموم اجل، دل، مقام حقیقت، معرفت حقیقی، غرضیکہ طرح طرح کے مضامین موجود ہیں ۔ ایک ایک مضمون صدہا استعاروں میں باندھا ہے ۔ سینکڑوں مثالوں سے کام لیا ہے۔

کچھ رباعیات نکات اور دو ایک ادھر اُدھر سے لے کر ذیل میں درج کی جاتی ہیں۔

## چند منتخب رباعیات بیدلؔ

با خشک و تر مائدہ لیل و نہار　　قانع شو جمیعت دل مفت انگار
آں دولت جاوید کہ خلدش نامند　　رزقیست کہ بے تردد آید بکنار

.....

فردوس بہ اتفاق ارباب علوم　　آں سوئے ثوابت و برد جست و نجوم
یعنی ایں سعد و نحس باورِ نظرست　　جنت ناممکن ست و راحت معدوم

.....

ہاں گرچہ نشاء دستگاہ تو رساست　　از ہرچہ جزا دست رنج مخمور یہا ست
اے ذات پرست از فضولی بگذر　　آلاہی را رحیم و رحماں چہ بلاست

.....

حق میگوید نہ من ازل نے ابدم　　آں سوئے شمار لا تعین احدم
یکتائے من کرد خیال دو عدم　　جوشید مع از میاں بعرض عدم

.....

گرمرد رہی ز طبع خود کام بر آ　　از پیچ و خم وسوسہ خام بر آ
اے منکر کیفیت پرواز مگس　　بے زینہ تو نیز تا سر بام بر آ

تا چشم بعبرت نکشا دست کسے　　گردن بہ اطاعت نہ نہاد ست کسے
داں بہ یقیں کہ در مرض خانہ دہر　　بیمرگ رضا بہ تپ نہ داد ست کسے

.....

نہ ہمیں صوت وصدا پردۂ ساز سخن است　　خامشی نیز اثر پرور راز سخن است
چشم کوتہ بتامل نظرے باز کند　　کہ حقیقت ز اسیران مجاز سخن است

.....

در جامہ و دلق نیست جز پنبہ نہاں　　دیں جامہ و دلق نیز در پنبہ نہاں
ذات و صفات انیست کہ کردیم بیاں　　زیں بیشتر از خلق و حق افسانہ مخواں

.....

ہستی جز جاں کنی و خوں خوردن نیست　　از عالم مرگ عیش جاں بردن نیست
در خلق بروں ز خلق بودن غلط است　　صحبت بازندگیست با مردن نیست

.....

در عالم کون رنگ فطرت دگرست　　خلقے مغرور ناز و ہمت دگرست
زیں جنس تو ہم کہ مجازش دانند　　گردست فشارند حقیقت دگرست

.....

فریاد کہ دکاں ستم وا کردیم　　خورشید بہ خاک تیرہ سودا کردیم
کثرت پیش از تمیز ما وحدت بود　　آئینہ شدیم عکش پیدا کردیم

.....

ایں عیب و شہادت تو یکسر پیدا　　پوشید گیت عیاں ترا زہر پیدا
حیرت زدایم ایں چہ پیدائی ہاست　　در پنہاں پیدا و نہاں در پیدا

.....

بیدل ز غم و نشاط دوراں بگذر　　از بیش و کم و مشکل و آساں بگذر

در گلشن دہر چوں نسیم دم صبح  آزادہ در اے دامن افشاں بگذر

.....

بیدل نفس سوختہ اندوختہ ام  داغ کہنہ بتازگی سوختہ ام
زاں شمع کہ دوش سوخت در محفل  امشب کفِ خاکسترے افروختہ ام

.....

مستقبل اگر ہمہ کمال است اینجا  از عالم اوہام و خیال است اینجا
آئینہ حال خلق ، یاس ماضی است  مہ داغ تصور سہل است اینجا

.....

# SYNOPSIS

**SUBMITTED BY: K.H. QADIRI**

**HALIM MUSLIM COLLEGE**
**CAWNPORE**

## BEDIL AZIMABADI

**1. Life:**

Bedil's Family
His Birth and Birth Place
His Education
His Association with Men of Learning and Religion
His Services at the Mughal Court
His Resignation and Retirement
His Later Life and Death

**2. Age of Bedil**

Indian Politics at the time of Bedil
Muslim Civilization and Culture in his Age
Sufism in India at his time

**3. Persian Literature in Bedil's Age**

In Persia
In India
Bedil's contemporaries in Persia and India

**4. Bedil's Works**

(1) Nikat-e-Bedil
(2) Ruqqat-e-Bedil
(3) Chahar Unsur-e-Bedil
(4) Diwan-e-Bedil

5. BEDIL'S STYLE IN PROSE.

Prose Styles at his time.
Chief features of his style.

6. BEDIL----------A POET.

(1) Poetic styles in India at his times.
(2) Poetic styles in Iran at his times.
(3) Bedil's styles.
(4) Bedil influenced by his age.
(5) Bedil's Originality.
(6) Bedil compared with
Zuhuri,
Saib,
Naziri,
Kaleem,
Ghani,
(7) Bedil's Ghazals.
(8) Bedil's Masnawis.
(9) Bedil's Rubaiyat.
(10) Bedil's Poetic ideas.
(11) Bedil's theme of love.
(12) Bedil's peculiar expressions.
(13) Bedil's flight of imagination.
(14) Bedil's similes and metaphors.
(15) Bedil's influence on later poets.

7. BEDIL---------A SUFI.

وحدت الوجود as a Sufistic creed.
وحدت الوجود in Persian Poetry.
Bedil's----a staunch advocate of وحدت الوجود
Bedil's masters in Sufism.
Bedil's experiences in Sufism.
Bedil's as a theoritical Sufi.
Bedil's as a practical Sufi.
Bedil's lofty ideas.
Bedil's description of Tasawwuf in Poetry.

(1) وحدت الوجود

(2) وحدت الشہود

(3) فنا و بقا

(4) تصور

(5) مراقبہ

(6) مجاہدۂ سلوک

(7) سلوک و طریقت

(8) معرفت

6. BEDIL AS APPRECIATED IN INDIA & ABROAD